DIL
MODEL SCHOOL

اردو نصابی معاون

''پہلا قدم''

حصہ اول

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	ابتدائی تعلیم کی اہمیت	1
2	تدریس اردو کے مقاصد	
3	عمومی مقاصد	
4	خصوصی مقاصد	
5	صوتی آگاہی	4
6	حاصلات	5
7	اصول رہنمائی برائے جماعت	6
8	کمرہء جماعت کی تنظیم	7
9	طلبہ کے متعلق تیاری	8
10	کمرہ جماعت کے اصول وضوابط	9
11	جماعت کے لیے نظم وضبط کے اصول متعین کرنا	10
12	تعلیمی سرگرمیوں کا ذخیرہ	11
13	تدریسی مراکز بنانا	18
14	تدریسی سرگرمیوں کے ساتھ درسی مواد کی ہفتہ وار تقسیم	21

1- ابتدائی تعلیم کی اہمیت:

☆ بچے صرف جسمانی نہیں بلکہ ذہنی طور پر بھی عمر کے ساتھ ساتھ بتدریج نمو پاتے ہیں اور پختگی کی طرف بڑھتے ہیں۔ بچپن کی تعلیم بچے کی اندرونی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ انکی بہترین نگہداشت کے اصولوں کو مدنظر رکھتی ہے۔ کیونکہ بچوں کے ابتدائی سال ان کے مستقبل کے لیئے بہت اہم ہیں۔ اس کے تحت World Conference on Education For All کی قرارداد کے مطابق 1990ء کے پلان میں تمام ممالک کو اس بات کا پابند بنایا گیا کہ ابتدائی تعلیم کو شامل کریں۔

☆ اس تعلیم سے بچے کے کردار میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بہتر ہوتی ہے۔ جسکی وجہ سے زبان کی مہارتیں بہتر ہوتی ہیں۔ مختلف شعبوں میں کی گئی تحقیق اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ ابتدائی عمر کی نشو ونما میں مدد نہ صرف بچے اور والدین کے لیئے فائدے مند ہوتی ہے بلکہ آگے چل کر بچے کو معاشرے میں بہتر کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔

☆ ابتدائی سالوں میں بچے بنیادی مہارتیں اور وہ طریقے سیکھتے ہیں جو انکی مستقبل کی تعلیم میں کامیابی کے لیے اہم ہوتے ہیں لہذا اس سے پہلے کہ عمارت کھڑی کریں ضروری ہے کہ اس کے ڈھانچے کے لیئے بنیاد اچھی رکھی جائے۔

تدریس اردو کے مقاصد:

2- عمومی مقاصد:

☆ بچے کی شخصیت کی تعمیر کے لیئے جسمانی و معاشرتی، اخلاقی، جذباتی اور ذہنی تربیت کرنا۔

☆ بچے کو اشیاء کے ذریعے سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا۔

☆ خود اعتمادی، آزادی اور خود انحصاری کا احساس پیدا کرنا۔

☆ بچوں میں تخیل، اعتماد اور مثبت سوچ پیدا کرنا۔

☆ اظہار خیال کی استطاعت پیدا کرنا۔

☆ بچے میں اتنی قابلیت پیدا کرنا کہ وہ اپنا ماضی الضمیر بیان کر سکے۔

☆ بچے کو اس قابل بنانا کہ وہ اردگرد کی دنیا کو سمجھے اور دیگر علوم حاصل کرنے کی صلاحیت پا سکے۔

-3 خصوصی مقاصد:

زبان کی تدریس کے پہلے قدم کے لیئے بچوں کو ایسے مواقع فراہم کرنا کہ وہ تجربے کے عمل سے گزر کر دریافت کریں اور سیکھ سکیں۔

- ☆ بامقصد آموزش کی سرگرمیاں اختیار کرتے ہوئے اشیاء کے بارے میں علم حاصل کر سکے۔
- ☆ گھر، سکول اور ماحول کی اشیاء مثلاً کھلونوں، تصویروں، ماڈل، کھانے پینے کی اشیاء، پڑھنے لکھنے اور عام استعمال کی چیزوں کے نام بتا سکے۔
- ☆ اردگرد کی آوازوں میں تمیز کر سکے جیسے چیزوں کے گرنے ٹوٹنے اور ٹکرانے کی آواز، جانوروں اور پرندوں کی آوازیں.
- ☆ ہم آواز اور قریب الصوت حروف کی آوازوں کی پہچان کر سکے۔
- ☆ حروف کو پہچانے اور ہم شکل اور مختلف شکل کے حروف تلاش کر سکے۔
- ☆ اپنی ذات، گھر اور اپنی پسند کے موضوع پر بات کر سکے۔
- ☆ بولنے میں جھجک محسوس نہ کرے۔
- ☆ اپنی باتیں نہ دہرائے بلکہ ایک بار بات مکمل کرے اور رک رک کر نہ بولے۔
- ☆ نظم، گیت و ترانہ اور کہانی سنا سکے اور کہانیاں گھڑ سکے۔
- ☆ سنی ہوئی باتیں دہرا سکے۔

-4 پڑھنا:

- ☆ حروف کی پہچان کر سکے۔
- ☆ تصاویر سے حروف پہچان سکے۔
- ☆ آوازوں کی مدد سے حروف پہچان سکے۔
- ☆ بلند آواز اور خاموشی سے پڑھ سکے۔
- ☆ تصویری کہانی پڑھ سکے۔
- ☆ مختلف چیزوں اور جانوروں کے متعلق معلومات حاصل کر سکے جیسے پرندوں، پودوں، کھلونوں اور جانوروں کی۔
- ☆ یہ جان جائے کہ الفاظ اور تصاویر معنی رکھتے ہیں۔
- ☆ یہ جان سکے کہ اردو دائیں سے بائیں اور اوپر سے نیچے کے رخ جاتی ہے۔
- ☆ حروف تہجی کی شناخت کر سکے اور پڑھ سکے۔
- ☆ اپنا نام شناخت کر سکے اور پڑھ سکے۔

۱۔ لکھنا:

☆ اپنا نام لکھ سکے۔

☆ حروف تہجی لکھ سکے۔

☆ نقطے اور دندانے سے واقف ہو۔

☆ حروف کی مکمل اور آدھی شکل پہچان سکے۔

☆ حروف کی شکل دیکھ کر درست نقل کر سکے۔

☆ الفاظ کے دائرے مکمل بنائے۔

☆ کش اور دندانے بنا سکے۔

☆ لفظوں میں مناسب فاصلہ دے۔

6- صوتی آ گاہی:

آوازوں کو ملا کر الفاظ بنانا:

پہلے قدم میں پڑھنے کے بارے میں علم حاصل کرنے کے لیئے صوتی آ گاہی ضروری ہے جس میں بچوں کو صوتی ترتیب و بناوٹ سکھائی جاتی ہے۔صوتیہ اکائیوں میں سے اکائی جو آواز میں تبدیلی لائی ہے اور جب یہ اکھٹی ہوتی ہیں تو آواز بنتی ہے۔ یہ بہت اہم ہے کہ بچے آوازیں پہچاننے کی صلاحیت رکھتے ہیں کہ آوازیں مل کر الفاظ بناتی ہیں۔ یہی بنیاد ہے جس پر کوئی بھی زبان بنتی ہے جیسے ''باپ'' تین آوازوں کا مجموعہ ہے پس یہ جاننا کہ کس طرح مختلف آوازیں مل کر بامعنی الفاظ بناتی ہیں صوتی آ گاہی ہے۔

7- تحریری حروف سے واقفیت:

یہ پڑھنے کی پہلی منزل ہے بچے آواز کو علامت کی شکل میں پہچانتے ہیں اور معلوم سے نامعلوم تک رسائی حاصل کرتے ہیں جیسے انار کچھ حروف کی آوازوں سے مل کر بنا ہے۔ یہاں یہ ضروری ہے کہ بچوں کو تصویر دکھائی جائے، نام دریافت کیا جائے اور بعد میں اسے حرف سے وابستہ کیا جائے۔ تاکہ وہ اس کی شناخت کر سکیں۔

8- حروف تہجی سے واقفیت:

الفاظ آوازوں کا مجموعہ ہوتے ہیں۔ تحریری زبان میں مطلوبہ آوازوں کے لیئے کچھ علامات مقرر کی جاتی ہیں جو حروف تہجی کہلاتی ہیں۔ حروف کے ناموں کو آوازوں سے جوڑنا دراصل الفاظ بنانے کی پہلی منزل ہے۔ حروف تہجی کی پوری اور آدھی اشکال کی پہچان بھی یہاں سے شروع ہوتی ہے۔

9- حاصلات:

ان مقاصد کے حاصل ہونے پر بچہ اس قابل ہو جائے گا کہ چیزوں کا بغور مشاہدہ کر سکے اور اپنے گرد و پیش کے متعلق واقفیت حاصل کر سکے۔

☆ اردو زبان میں زبانی اور تحریری اظہار کر سکے۔
☆ عام بول چال کی زبان سمجھ سکے۔
☆ گفتگو، تقریر، ٹی وی پروگرام، ریڈیو پروگرام اور ٹیپ کی ہوئی گفتگو توجہ سے سنے۔
☆ کہانی سنانے اور دیکھی ہوئی باتیں دہرانے میں دقت محسوس نہ ہو۔
☆ بلند آواز اور درست تلفظ کے ساتھ بول سکے۔
☆ تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کر سکے۔
☆ تصویری کہانی پڑھ سکے۔
☆ تصویر کو آواز اور آواز کو حروف سے ملا سکے۔
☆ تصویر کے ذریعے حروف تلاش کر سکے۔
☆ توجہ سے سنے۔
☆ استاد اور ساتھیوں سے بات چیت کر سکے اور اپنے تجربات بیان کر سکے۔
☆ درست تلفظ استعمال کرے۔
☆ ہدایات کو سمجھے اور عمل کرے۔
☆ ماحول کی آوازوں کے درمیان فرق کر سکے۔
☆ یہ جان جائے کہ الفاظ اور تصاویر معنی رکھتے ہیں۔
☆ یہ جان جائے کہ اردو دائیں سے بائیں اور اوپر سے نیچے جاتی ہے۔
☆ اپنا نام شناخت کر سکے۔
☆ حروف تہجی کی شناخت کر سکے۔
☆ تصویر بنا کر مطلب بیان کر سکے۔
☆ اپنا نام لکھ سکے۔
☆ حروف تہجی لکھ سکے۔

10- اصول رہنمائی برائے جماعت:

- ☆ بچے میں پڑھنے کی آمادگی پیدا کرنا ضروری ہے اس کے لیئے مندرجہ ذیل عملی اقدامات کریں۔
- ☆ بچے سے اسکی مادری زبان میں بات کر کے اسے گفتگو کا موقع مہیا کریں۔
- ☆ تعمیری کھیلوں کا انتظام کریں۔
- ☆ تہذیبی کلمات جیسے اسلام علیکم۔ وعلیکم اسلام۔
- ☆ جناب، شکریہ، تشریف رکھیں۔ جی نہیں۔
- ☆ آیئے، بیٹھیئے کا استعمال کریں۔
- ☆ عام معلومات کے علاوہ دینی، روحانی اور اخلاقی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔
- ☆ سماعت اور خوانگی کے لیئے مقامی طور پر دستیاب ہونے والی اشیاء سے کام لیا جائے۔
- ☆ ٹیپ ریکارڈ، کھلونے، ٹیلی فون، ریڈیو، لکڑی کے ٹکڑے اور اشکال، مٹی کے حروف، پلاسٹک کے حروف رنگین کاغذ کے حروف، حروف تہجی کے کارڈ، ریت کے ٹرے اور بچوں کی پسند کی مختلف رنگین تصاویر اور چارٹ جیسی امدادی اشیاء کمرۂ جماعت میں فراہم کریں۔

11- کمرہ جماعت کی تنظیم:

کمرہ جماعت بچوں کے لئے مکمل تعلیمی ماحول کی حیثیت رکھتا ہے۔ استاد پر لازم ہے کہ وہ اس ماحول کو ''**خوشگوار تعلیمی ماحول**'' بنائے اس کے لئے اسے مندرجہ ذیل اقدامات کرنے ہوں گے۔

کمرہ جماعت کی ترتیب:

کمرہ جماعت میں تمام ضروری اشیاء کے بارے میں فیصلہ کرنا اور مناسب جگہوں پر لگانا۔

بچوں کے بیٹھنے کے لئے کرسیوں کی ترتیب:

☆ جیسے چھوٹے گروپ میں بیٹھانا، قطار میں بیٹھانا، نیم دائرے میں یا پھر ایل کی شکل میں بیٹھانا۔

☆ خوبصورت ''**خوش آمدید**'' بنانا جو بچوں کی توجہ کا مرکز بن سکے اور انھیں فخر محسوس ہو۔

تمام ضروری امدادی سامان کی موجودگی کا یقینی بنانا

☆ ان میں تمام وہ اشیاء شامل ہیں جو کمرہ جماعت میں بچے استعمال کریں گے جیسے لکھنے والی اشکال، ڈرائینگ پیپرز، پنسل، ربڑ، حروف کی اشکال، آرٹ کا سامان، ورک شیٹ اور دوسری اہم اشیاء جو کمرہ جماعت میں استعمال ہوتی ہیں۔

12- طلباء سے متعلق تیاری ہو:

☆ طلباء سے متعلق تمام تیاری مکمل ہو، تمام طلباء کے ناموں کی فہرست، تمام طلباء کے ایڈریس کی فہرست۔ پڑھائے جانے والے سبق سے متعلقہ سامان پہلے سے تیار ہو، بچوں کے بیٹھانے کی ترتیب وطریقہ پہلے سے طے ہونا، خاص توجہ کے طالب بچوں کے بارے میں پوری معلومات ہونا اوران کا پہلے سے ریکارڈ دیکھنا نیز ان کی فہرست بنانا، بچوں کے گھر بھیجنے کا مواد پہلے سے تیار کرنا۔

روزانہ کے معمولات:

☆ روزانہ کے معمولات کی بہت اہمیت ہے اس سے بچے پہلے سے کام کے بارے میں آگاہ ہوجاتے ہیں۔ جس سے پیش گوئی کی صلاحیت بڑھتی ہے اور خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔ منظم تعلیمی ماحول سیکھنے میں مدد ملتی ہے جس سے بچے ترتیب واری سمجھنے لگتے ہیں۔

☆ روزانہ کے معمولات لکھ دیئے جائیں اور اوقاتِ کار ترتیب دے دیئے جائیں۔

☆ جیسے دعا اور ترانہ۔

☆ سننے اور بولنے کا وقت۔

☆ گروپ میں کام کا وقت۔

☆ کھیل کود۔

☆ کھانے کا وقت۔

☆ تدریسی مرکز میں جانے کا وقت۔

☆ صفائی کا وقت۔ تدریسی مرکز میں کام کرنے کے بعد تمام اشیاء جگہ صاف کر کے واپس اپنی اپنی جگہ پر رکھنا۔

کام کیسا رہا

☆ بچے کا جائزہ لینا کہ جو سرگرمی کرائی گئی۔ اس پر کتنا کام کیا اگر کسی بچے کا کام مکمل نہیں ہوسکا تو اس سے وجہ پوچھنا اور حل تلاش کرنا۔

☆ کہانی اور نظم کا وقت۔

13- کمرہ جماعت کے اصول وضوابط

☆ کمرہ جماعت کی ترتیب وتنظیم میں اصول وضوابط کا طے کرنا لازمی ہے تاکہ سال بھر مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

☆ اصول لکھے جائیں اور بچوں سے بھی مشورہ لیا جائے ان کی رائے کو اہمیت دی جائے۔

☆ ایک دوسرے کا احترام کرنا اور دوسرے ساتھیوں کو کام میں اور چیزوں میں شریک کرنا، چیزیں بانٹنا (Share) دوسروں کا خیال کرنا۔

☆ اپنا کام جلدی کرنا اور دوسرے کام کرنے والوں کو پریشان نہ کرنا۔

☆ استاد کے بولنے کے دوران نہ بولنا اور خاموشی سے سننا۔

☆ بولنے کے لئے ہاتھ کھڑا کرنا اور اجازت کا انتظار کرنا۔

☆ کمرہ جماعت میں آرام سے چلنا بھاگ دوڑ نہ کرنا۔

☆ ہم جماعتوں کو مارنے، چھیڑنے اور پریشان کرنے سے پرہیز کرنا۔

14- جماعت شروع کرنے کے اصول:

☆ خاموشی سے جماعت میں داخل ہونا۔

☆ اپنا بستہ اپنے ڈیسک پر رکھنا۔

☆ اپنی اشیاء ڈیسک پر ترتیب سے رکھنا۔

☆ استاد کا دیا گیا کام خود کرنا۔

☆ ہاتھ اور انگلیوں کے اشارے سمجھنا اور ان پر عمل کرنا استاد اپنی آسانی سے بچوں کو اس بارے میں بتائے اور اصول لکھ دے جیسے استاد کا ہاتھ کھڑا کرنا مطلب خاموشی اختیار کرنا اور بات غور سے سننا۔ بچوں کا ہاتھ کھڑا کرنا، بولنے کی اجازت چاہنا، اسی طرح اپنی ضرورت کے مطابق ایک دو تین چار انگلیوں کے اصول بتانا۔ جیسے کلاس سے باہر جانا، پانی پینا، حاجت کے لئے جانا استاد کی مدد چاہنا اہم چیز کی ہدایات سننا۔

☆ جماعت ختم ہونے سے پہلے ترتیب درست کرنا۔

☆ اپنا بستہ اور اشیاء کو ترتیب دینا۔

☆ استاد کی اجازت کے بغیر جماعت نہ چھوڑنا۔

☆ قطار کا اصول اپنانا اور ہمیشہ اپنے بائیں طرف چلنا۔

☆ دوسروں کے لئے راستہ چھوڑنا اور اپنی باری کا انتظار کرنا۔

جماعت کے لئے نظم وضبط کے اصول متعین کرنا

- ☆ اچھی کارکردگی کی حوصلہ افزائی کرنا اور کمزوری پر تادیبی کاروائی کرنا۔
- ☆ نظم وضبط کی پابندی نہ کرنے اور اس پر عمل نہ کرنے کی صورت میں خبردار کرنے اور تادیبی کاروائی کرنے کے اصول بنانا۔
- ☆ اس دوران استاد کا یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ کسی قسم کی جسمانی سزا سے پرہیز کرے بہت سخت قسم کے اصول وضوابط نہ بنائے۔ بچوں کے لئے آسان طریقہ کار متعین کرے۔ بچوں کے رویوں پر نظر رکھے اور خود کو ان کا مددگار اور رہنما ثابت کرے۔ بچوں سے دوستانہ اور ہمدردانہ رویہ اختیار کرے تاکہ بچوں کے رویے میں مثبت تبدیلی آسکے۔

تحقیق سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ بچے جو اساتذہ کی مار پیٹ کا شکار ہوں ان میں تشدد پسند اور ذہنی امراض میں مبتلا ہونے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ جسمانی سزا وقتی طور پر بچے کو روک سکتی ہے لیکن مستقبل کے لیے مؤثر ثابت نہیں ہوتی۔ اور بچے کے عمومی رویے میں محترک ثابت نہیں ہوتی بلکہ بچے میں باغیانہ پن اور خودسری کو جنم دیتی ہے لہذا سزا اس نظریے سے دینی چاہیے کہ بچوں میں مثبت رویے جنم لے سکیں۔

15- تعلیمی سرگرمیوں کا ذخیرہ:

کامیاب تدریس کے لیئے سمعی وبصری معاونات کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ان معاونات کی مدد سے تدریسی عمل میں استاد کو زیادہ وقت دینا پڑتا ہے اور بہت محنت کرنی پڑتی ہے لیکن اس کے نتائج انتہائی حوصلہ افزا ہوتے ہیں کیونکہ ان سمعی وبصری معاونات کی مدد سے استاد ایسی سرگرمیاں کراتا ہے جو سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی بنیادی مہارتوں کو تیزی سے آگے بڑھتی ہیں۔ پرائمری جماعتوں میں خاص کر اوّل تا سوئم میں ان کی شدید ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ مطلوبہ تصورات اخذ کرانے کے لیئے یہ سرگرمیاں بہت اہم ہیں۔ان سرگرمیوں کی خوبی یہ ہے کہ ایک سرگرمی صرف ایک بات سمجھانے کے لیئے نہیں کی جاتی بلکہ استاد اپنی ذہانت سے کام لے کر موقع کی مناسبت سے اس میں جدت پیدا کر سکتا ہے۔

پہلی جماعت (چار سال) کے بچوں کے لیئے خاص کر ایسی سرگرمیاں مناسب ہوتی ہیں جن میں حرکت کے مواقع ہوں سرگرمی کچھ کم وقت کے لیئے ہو، بچوں کو بولنے چالنے اور چیزوں کو حرکت دینے اٹھنے بیٹھنے اور سوچنے کے مواقع زیادہ ملیں کیونکہ بچے تجربات کے ذریعے چیزیں دریافت کرتے ہیں۔

16- گیت باتیں کریں:

استاد گیت گائے اور پھر بچے بھی گائیں۔

بات بات سے بات چلائیں۔
آؤ گھر کی بات کریں۔
کس کے گھر کی بات کریں۔

بچے جواب دیں علیشا کے گھر کی (جماعت میں سے کسی بچے کا نام لیں اور اس سے گھر کی بات پوچھیں) سب بچے سر میں بولیں چلو علیشا کے گھر کی بات کریں۔اسی طرح مختلف بچوں کا نام لے کر باتیں کریں۔استاد ''آؤ گھر کی بات کریں'' اس مصرے کو بدل دے اور گائے آؤ سالگرہ کی بات بتائیں۔اس میں تنوع کے لیئے تمام تقریبات یا عنوانات کو سمویا جا سکتا ہے جن پر استاد بچے سے بات کرنا چاہتا ہے۔

17- بوجھو تو جانیں:

بوجھو تو جانیں
ہم تم کو مانیں
جنگل کا بادشاہ
ہم کس کو مانیں

اگر تم بتاؤ تو

ہم تم کو مانیں

بچے درست جواب دیں تو شیر کے بارے میں بات کریں۔

18- حروفِ تہجی کی بھرائی:

حروفِ تہجی کے خاکے بنوالیں اور آرٹ مرکز میں بچوں سے اس پر مختلف دالوں، چاول، گندم مکئی اور ان خاکوں کے اندر بھرائی کرالیں جیسے سرخ لوبیا کے ساتھ۔

19- حروفِ تہجی کی نقطوں سے تشکیل:

☆ حروفِ تہجی کو نقطوں سے مکمل کرائیں اور پھر آرٹ مرکز میں رنگ بھروائیں۔ بچے اپنی پسند کے رنگ استعمال کریں گے اور دہرائی کے عمل سے گزریں گے

20- حروفِ تہجی کا گیت:

☆ ہواؤں میں لکھا ہے

☆ استاد سر میں گائے۔ جماعت کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو اور اپنے ہاتھ ہوا میں لہرا کر حروفِ تہجی لکھے۔

☆ بچوں کو ساتھ ساتھ گانے اور ہوا میں لکھنے کو کہے۔

☆ ہواؤں پہ لکھا ہے ا

ہواؤں پہ لکھا ہے ب

ہواؤں پہ لکھا ہے پ

ہواؤں پہ لکھا ہے ت

ہواؤں پہ لکھا ہے ٹ

i) استاد سُر میں گائے اور کچھ حروفِ تہجی ترتیب سے گائے۔

ii) اب استاد کلاس کی طرف پیٹھ کر کے کھڑا ہو اور بچوں سے کہے ہاتھ اوپر کر کے حروف ہوا میں لکھیں اور ساتھ گائیں۔ بچوں کو جتنے حروف سکھائیں صرف ان کی مشق اور پہچان کرائیں۔

21- میوزیکل میری (ار) میری بات:

استاد اس کے لیے مختلف اشیاء اور کھلونوں کو لے سکتا ہے۔ جس چیز کے بارے میں پوچھنا ہو اپنے پیچھے چھپا کر رکھنا اور تالی یا میوزک بجاتے جانا جس پر میوزک رک جائے اس سے پوچھنا (حوصلہ افزائی کرنا نہ بھولیں)۔

-22 آج کی تازہ خبر:

نئی نئی خبروں کی بات کرنا گھر کی تازہ خبر، سکول کی تازہ خبر، ناصر کی تازہ خبر (جماعت میں سے کسی کا نام لیں)۔ بچے ایکشن سے اپنے تجربات بیان کریں۔

-23 میری آواز پہچانوں:

اس میں بچوں سے مختلف سرگرمیاں کرائی جا سکتی ہیں جیسے آنکھیں بند کروانا اور پھر انفرادی طور پر یا گروپ میں آواز کی پہچان کرنا۔

☆ کچھ بچوں کو جانوروں کی اشکال بنا کر پہنانا اور باقی بچوں سے آواز نکالنے کے لیئے کہنا اشیاء مثلاً کسی ایک (جانور) کو سامنے لائے اور بچے اسکی آواز نکالیں۔

☆ پرندوں کی اشکال بنانا اور انکی آوازیں نکالنا استاد بچوں سے انفرادی طور پر یا گروپ میں یہ سرگرمی کرا سکتا ہے۔

☆ جماعت میں موجود مختلف چیزوں کی آوازیں پیدا کرنا اور انکی پہچان کرانا۔ جیسے کتاب پر ہاتھ مارنے کی آواز گلاس پر پنسل مارنے کی آواز۔ چیزیں گرنے اور ٹوٹنے کی آواز دور اور نزدیک کی آوازیں۔

☆ ان آوازوں کی پہچان کے لیئے استاد بچوں کو مختلف سرگرمیوں میں مصروف کر سکتا ہے۔ استاد سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے طور پر ان سرگرمیوں کو ترتیب دے۔

-2، میری باری میری بات:

☆ معلم پہلے خود بتائے کہ سب سے پہلے میری باری ہے میں آج اپنی بات آپکو بتاؤں گی پھر جس بچے کے پاس جا کر میں یہ کھلونا دوں گی اسکی باری ہوگی۔ استاد اس طرح باتوں باتوں میں بہت سی باتیں بتائے (یاد رہے کہ کوئی بھی سرگرمی زیادہ طویل وقت نہ لے)

-25 تصاویر دکھا کر کہانی سناتے جانا۔

☆ کہانی سنانے کے لیے انگلیوں پر ماسک کا استعمال کرنا اور حرکات وسکنات سے کام لینا۔

☆ انگلیوں کی کٹھ پتلیاں بنانا۔

☆ بچوں کے نام رنگین کارڈز پر لکھنا اور تلاش کروانا۔

☆ روزانہ نام کا کارڈ بچے کو لگانا۔

☆ حروف کے کارڈ دکھانا، ڈیزائن میں کاٹنا اور ملانا۔

☆ سادہ اور آسان طریقے سے حروف تہجی کے واضح تحریر شدہ کارڈز کا کھیل کھیلنا حروف تہجی کو سُر میں سنانا بچے اسکو ساتھ گائیں۔

☆ بچوں کو مختلف کارڈز دینا اور جسکا نام لکھا ہو اس چیز کے پاس جانا۔ باری باری چیزوں کا نام لے کر بچوں کو واپس بلانا۔

☆ سادہ تصاویر میں رنگ بھروانا۔

☆ سادہ کاغذ، سلیٹ اور بلیک بورڈ پر تصاویر بنوانا۔ جب بچے تصویر مکمل کرلیں تو اس پر بچوں سے بات کر کے اس تصویر کا نام لکھیں۔

☆ بورڈ پر یا چارٹ پر سادہ الفاظ تصویر بنا کر لکھنا جیسے پسندیدہ جانور، کھلونا، پسندیدہ غذا، والدین، ریل گاڑی، چاند، کشتی، مختلف کام اور پیشے بعد میں بچوں سے پڑھوانا۔

26- حروفِ تہجی کی صورت تراشیں:

اس سرگرمی کے لیے گوندھی ہوئی مٹی استعمال کرائیں اس کھیل میں ان کے ہاتھوں کے پٹھے حرکت کرتے ہیں جو لکھنے کے عمل کے لیے بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ بچوں کو انکی مرضی کے حروف کی اشکال بنانے کا موقع دیں۔ ان حروف کو چاٹ پیپر پر لگوائیں اچھی طرح چپک جائے تو بچوں کو مختلف رسالے اخبار اور تصاویر دیں کہ وہ اس حرف کی تراشی ہوئی صورت سے شروع ہونے والی تصاویر کاٹ کر اس پیپر پر لگائیں۔ جب تصاویر لگالیں تو پھر انہیں یہ چارٹ سجانے کو کہیں بچے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے یہ کام مکمل کریں گے۔ بچوں کے اس کام کو جماعت میں مناسب جگہ پر لگائیں۔

بچوں کے ان تیار کردہ چارٹ کی جماعتی نمائش کا اہتمام کریں اور سکول کے دوسرے بچوں اور اساتذہ کو دیکھنے کا موقع دیں۔ اس سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

27- حروف کی شکل پہچانیں:

بچوں کو حروف تہجی کی آدھی شکل کی پہچان کے لیے یہ سرگرمی کریں پہلے بورڈ پر کچھ حروفِ تہجی لکھیں اور پھر اردگرد حروف کی بہت سی آدھی اشکال لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ پوری شکل کی آدھی شکل کے گرد دائرہ لگائیں۔

28- حروف کو محسوس کرائیں:

اس میں بچوں کے دو گروپ بنائیں ایک کو بیٹھائیں اور ایک کو اسکے پیچھے کھڑا کردیں۔ تمام کھڑے ہوئے بچے بیٹھے ہوئے بچوں کے پیچھے پیٹھ پر حرف لکھیں گے اور بیٹھے ہوئے بچے پہچانیں گے۔ دوسرے ساتھی کے ہاتھ کی حرکت سے حروف لکھتے ہوئے محسوس کر کے پہچانیں گے۔

اب باری بدل دیں اور بیٹھے ہوئے بچوں کو کھڑا کریں اور یہی سرگرمی دہرائیں۔

29- کارڈ دیکھیں اور بولیں:

استاد مختلف حروف جنکی مشق کرانی مقصود ہو رنگین کارڈ پر لکھے اور دکھائے پہلے ایک گروپ کو اور پھر دوسرے گروپ کو پھر اسی سرگرمی سے مقابلے کی فضا قائم کرنے کے لئے دونوں گروپ کے بچوں کو اکٹھا کارڈز دکھائیں اور دیکھیں کون پہلے بولتا ہے۔

30- چھوکر بتائیں:

استاد جتنے بھی حروف پڑھالے انکی دہرائی اور پہچان کی پختگی کے لیے یہ سرگرمی کرائے ۔ پڑھائے گئے حروف تہجی کی بڑی اور آدھی اشکال میں رنگین کارڈ پر لکھ کر جماعت میں مختلف انداز میں دیواروں پر لٹکا دے ایک حرف بولے اور کہے کہ جہاں بھی جماعت میں آپکو یہ نظر آئے چھوکر آئیں ۔ پوری اور آدھی اشکال کی پہچان پختہ ہو جائے گی ۔

3- حروف کی آواز کے ساتھی:

مختلف حروف سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام تصاویر کے ساتھ لکھ کر جماعت میں لگائیں ۔ ایک حرف کی آواز سے لکھ کر شروع ہونے والی اشیاء کے نام ایک جگہ رکھیں جیسے الف سے انار، انگور، استری، امرود، املی، امی، انگلی، انگیٹھی ۔ ب سے بکری، بستہ، باغ، بلی، بطخ، بندر، بادشاہ، بندوق، بیٹھک، بتی ۔ اساتذہ حروف تہجی کے تمام حروف کی تصاویر جمع کریں اور چارٹ بنائیں ۔ بچوں سے پوچھیں اسے شروع ہونے والی چیزیں کیا کیا ہیں جیسے ب سے شروع ہونے والی چیزیں کون کون سی ہیں ۔

?- چیزوں پر نام لگائیں:

بچے ماحول میں پائی جانے والی چیز سے سیکھتے ہیں ۔ لہذا جماعت کی اشیاء کے تحریری شکل سے واقف ہو جائیں گے ۔ جو حروف پڑھا دیئے جائیں ان سے شروع ہونے والی اشیاء کے ناموں کے کارڈ بنائیں اور بچوں سے کہیں وہ اس چیز پر لگائیں جیسے دروازہ کھڑکی وکرسی، میز، چارٹ، بلیک بورڈ، تختہ سیاہ ۔

33- صوتی شناخت:

اس سرگرمی سے مقابلہ بھی کرائیں ۔ دو گروپ بنائیں دونوں کی لائن بنائیں استاد کسی حروف کی آواز نکالے تو آگے والے بچے بھاگ کر وہ حرف چھوئیں ۔ کھیل کھیل میں وہ حروف کی آواز سے بطریقِ احسن واقف ہو جائیں گے ۔

34- حروف اٹھایئے:

بچوں کو پڑھائے گئے حروف کے رنگین کارڈز بنا کر دیں ۔ استاد جب حرف کی آواز نکالے اور بچے وہ کارڈ سیدھے ہاتھ سے اوپر اٹھائیں جیسے استاد ب بولے اور بچے ب کا کارڈ اٹھالیں ۔

35- حروف ڈھونڈیں:

☆ بچوں کو مختلف کارڈ پر اشیاء کے نام لکھ کر دیں جو پڑھائے گئے حروف سے شروع ہوتی ہیں

☆ اخبار کے تراشے جن میں بڑی لکھائی کی گئی ہو ۔

☆ رسالوں میں سے بھی کچھ تحریریں دیں

☆ خود تیار کردہ عبارت بھی استعمال کریں ۔ بچوں سے اخبار رسالے یا خود تیار کردہ عبارت سے متعلقہ حروف کے گرد

رنگین پنسل یا مارکر سے دائرہ لگوائیں۔

پڑھائے گئے حروف کو O لگوائیں۔

جیسے ب تلاش کریں اور دائرہ لگائیں۔

س تلاش کریں اور دائرہ لگائیں۔

ان الفاظ کے دائروں میں رنگ بھی بھروائے جاسکتے ہیں تاکہ بچے کام شوق سے کریں۔

☆ استاد اس مشق کے لیے خود سے ورک شیٹ تیار کرسکتا ہے اور متعلقہ حروف کو رنگ بھرنے یا دائرہ لگانے کے لیے کہہ سکتا ہے۔

3- حروف کی کسوٹی:

استاد بچوں سے کسوٹی کھیلے یہ بہت دلچسپ سرگرمی ہے استاد کہے کہ میں نے ایک چیز سوچی ہے جسکا نام ''ج'' سے شروع ہوتا ہے بچے بوجھنے کے لیے سوالات کریں گے جب درست چیز کا نام بتائیں تو جو بچہ درست جواب بتائے اسے کہیں کہ وہ وہی حرف بورڈ پر چھو کر آئے۔ بچوں کو کچھ اشارے دیں جیسے یہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے کام آتا ہے۔ بچہ 'ج' لکھے اور استاد 'جہاز' لکھے۔

37- حروف تہجی کی ترتیب:

☆ حروفِ تہجی کے گروپ بنائیں

☆ بچوں کے گروپ بنائیں۔

☆ اب بچوں کو مختلف حروفِ تہجی کے کارڈز دے دیں۔

☆ اب باری باری ہر گروپ کو بلوائیں اور حروفِ تہجی کی ترتیب میں کھڑا ہونے کو کہیں۔

38- آؤ حروف بنائیں:

کھیل کے میدان میں حروفِ تہجی کا پی ٹی شو:

کھیل کے میدان میں حروف

اس سرگرمی کو استاد کھیل کے وقت زیادہ بہتر کراسکتا ہے۔ استاد اس سرگرمی سے حروف کی پہچان پختہ کراسکتا ہے۔ بچے اس سے بہت لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ حروفِ تہجی کی شناخت کی دہرائی کے عمل سے گزرتے ہیں۔ تمام حروف تہجی بورڈ یا چارٹ پر لکھ دیں جن پر استاد عمل کرانا چاہتا ہے۔ پوری ہدایات دیں تاکہ بچے ان پر عمل کرتے ہوئے حروف کی اشکال بناسکیں۔

الف۔ کے لیے دو بچے لیں۔

ب۔ ب کے لیے 5 بچوں کو منتخب کریں۔

دو بچوں کو دائیں بائیں اور دو کو درمیان میں لٹائیں اور ایک بچے کا نقطہ بنا دیں۔

پ۔ پ کے لیے 7 بچے منتخب کریں۔

ث۔ تک اسی طرح مکمل کروالیں۔

ج۔ ج کے لیے 5 بچے منتخب کریں۔

چ ح خ اسطرح مکمل کروالیں۔

ہدایات دینے کے بعد بچوں پر چھوڑ دیں کہ وہ حروف کو کس طرح سوچتے ہیں کہ وہ حرف کیسا لگتا ہے۔

39- تدریسی مشاغل و مقابلے:

تدریسی مشاغل اور مقابلے مشق اور تکرار کا اہم ذریعہ ہیں ان سے لسانی مہارتوں میں پختگی آتی ہے۔ نصاب کی کامیابی کا دارومدار استاد کے طریقہ تدریس پر ہے کیونکہ صرف کتاب پڑھا دینا مقاصد حاصل کرنے کے لیے کافی نہیں ہے بلکہ ہر سبق کے مطابق کچھ مشاغل و مقابلے کے دلچسپ مواقع مہیا کرنا مطلوبہ تصورات اخذ کروانے میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں لہذا یہ استاد کی ذہانت پر منحصر ہے کہ وہ وقت اور ضرورت کو مدِ نظر رکھ کر انہیں ترتیب دے۔

☆ کاغذ کی اشیاء بنانا

☆ مٹی کے کھلونے اور پھل بنانا۔

☆ البم بنانا۔

☆ اس کے لیے کم اور بڑے صفحات کی کاپی یا چارٹ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس البم میں تصاویر، پھول، پتے یا نصاب کے مطابق اشیاء لگائی جاسکتی ہیں۔

☆ جسم کے اعضاء کے نام بولنے کا مقابلہ کرانا۔

☆ گیت اور نظموں کا مقابلہ کرانا۔

☆ حروف کی خاکہ کشی کے مقابلے کرانا۔

☆ گھریلو جانوروں کے تصویری خاکوں میں رنگ بھرنے کا مقابلہ (ان کے متعلق گفتگو کرنا اور ان کے فائدے بتانا)

☆ سبزیوں اور پھلوں کے نام بتانا اور ان کے خاکوں میں رنگ بھرنے کا مقابلہ کرانا۔

☆ کہانی اور لطیفے سنانے کا مقابلہ

☆ حروفِ تہجی کے کارڈ ترتیب دینے کا مقابلہ۔

☆ نامکمل تصاویر کو مکمل کرنے کا مقابلہ۔

استاد اس کے علاوہ بھی مختلف مقابلے کرا سکتا ہے۔ اس دوران اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ ہر بچے کو شمولیت کا موقع ملے ایسا نہ ہو کہ چند ہوشیار بچوں کی وجہ سے دوسروں کی حق تلفی ہو جائے۔

40- تدریسی مراکز بنانا:

اساتذہ تدریسی مراکز کو تعلیم دینے کا مؤثر ذریعہ سمجھ کر اس پر عمل کریں۔ان مراکز میں نئی نئی سرگرمیوں عنوانات اور مواد کا استعمال کریں تا کہ پڑھنے کے عمل میں تنوع آ سکے اور بچے بور نہ ہوں۔اساتذہ ان تدریسی مراکز کو بچوں کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے معاون کے طور پر بھی استعمال کریں۔

یہ بچوں کی ذات کی مثبت نشونما میں بھی معاون ہے اس میں بچہ دوسروں سے مثبت رویہ اختیار کرتا ہے۔بچوں کے دوسرے بچوں سے تعلقات کی نشونما ہوتی ہے اور بچہ ایک گروپ میں رہتے ہوئے تعاون کرنا سیکھتا ہے اور مختلف سرگرمیوں میں شامل ہونے کے ساتھ آزاد رہنے کا شعور بھی حاصل کرتا ہے۔

☆ تدریسی مراکز، کمرۂ جماعت کی تنظیم کا اہم ذریعہ ہیں۔

☆ کمرۂ جماعت میں مختلف تدریسی مراکز بنا کر کام کروانے سے بچوں کو مختلف مہارتوں میں عبور حاصل ہوتا ہے، خودمختاری اور خود منتخب کردہ منصوبوں پر بہتر کام کرنا آتا ہے۔کمرۂ جماعت کے اصولوں سے بچے واقفیت حاصل کرتے ہیں اور ان کے پابند رہتے ہیں۔بچوں میں مل جل کر کام کرنے کی عادات پختہ ہوتی ہیں اور بچوں کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔بچوں کے ساتھ ساتھ استاد کو بچوں کی شناخت میں آسانی ہوتی ہے جنکو انفرادی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆ بچہ اس قابل ہوتا ہے کہ وہ یہ جان سکے کہ اردو دائیں سے بائیں اور اوپر سے نیچے کی طرف ہوتی ہے۔یہ خاص مرکز مطالعہ کرنے کی عادت ڈالتے ہیں۔لہذا کمرۂ جماعت میں گنجائش کے مطابق کچھ مراکز بنائے جائیں یعنی جگہ مخصوص کی جائے اور اسے سرگرمی کے مطابق ترتیب دیا جائے جیسے:

☆ پڑھائی مرکز۔

☆ لکھائی مرکز۔

☆ آرٹ مرکز۔

☆ حروف تہجی مرکز۔

☆ رہنمائی مرکز۔

☆ لائبریری مرکز۔

4- پڑھائی مرکز:

یہ ایسا گوشہء جماعت یا مرکز ہے جو پڑھنے کی مہارت پر توجہ مرکوز کرتا ہے یہاں رنگین صفحات کی کتابیں۔ تصویری کہانیاں، پڑھنے کا مختلف مواد بڑی تصاویر اور بڑے حروف و رنگین اشیاء اور خاموشی کا خوبصورت ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔

42- لکھائی مرکز:

لکھنے کی مہارت کے بے شمار مواقع اور مواد یہاں موجود ہے۔ پیپر، پنسل، رنگین کاغذ، رنگین پنسلیں، حروف کے قطعات، حروف کے سٹینسل، چاک، مارکر، چارٹ ان کے ذریعے بچوں سے۔

- ☆ حروف تہجی کے لکھنے کی مشق۔
- ☆ اشیاء کی تصاویر پر نام لکھنا۔
- مختلف چارٹ بنانا
- ☆ خاص کر اپنی پسند کی کوئی چیز بنانا اور اس کے بارے میں بات کرنا۔

43- آرٹ مرکز:

اپنی مرضی کی اشیاء بنانے کے مواقع فراہم کرنے والا یہ مرکز انتہائی اہم ہے یہاں آرٹ کے کام کے لئے تمام اشیاء فراہم کی جائیں جیسے گوندھی ہوئی مٹی، ریت کاغذ، کاٹنے کے لئے اشیاء تاکہ بچے تخلیقی اظہار کرسکیں۔ حروف کو مرضی کی شکل دیں اور ڈیزائین بناسکیں۔ بچوں کا کام جماعت میں لگایا جائے تاکہ بچوں کی حوصلہ افزائی ہو۔

44- حروف تہجی مرکز:

حروف تہجی کی شکل واقسام اور آوازوں سے آشنائی اس مرکز کا خاصہ ہے۔ یہ مرکز بچوں کو مختلف انداز سے حروفِ تہجی سیکھنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ یہاں مٹی، ریت، پنسل، چاک، رسالے اور فلیش کارڈ کے علاوہ وہ سامان فراہم کیا جائے جو حروف تہجی سیکھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

45- رہنمائی مرکز:

یہ مرکز انفرادی طور پر یا چھوٹے گروپ میں ایسا موقع فراہم کرتا ہے کہ استاد بچوں کو زیادہ توجہ دے سکے اور ان کی بنیادی مہارتوں پر کام کرسکیں۔ اس مرکز میں زیادہ تصاویر والی ایسی کتابیں دی جائیں جن میں الفاظ کم ہوں۔ بچے چھوٹے گروپ میں یا اگر ممکن ہو تو ہر بچہ کتابیں دیکھ سکے۔ استاد بچوں کے لئے کتاب پڑھے اور تصاویر دکھاتا جائے تاکہ بچے پوری طرح اس میں مصروف رہیں اور توجہ دیں۔ استاد کے لئے لازمی ہے کہ وہ یہاں مختلف سرگرمیوں کی مدد سے بچوں کی ضرورت کے مطابق ان کی رہنمائی کرے۔

46- لائبریری مرکز:

بچوں کی مطالعہ کی عادت کی بنیاد پہلی جماعت ہی سے رکھنی چاہیئے لہذا لائبریری کا مرکز جماعت میں مستقل طور پر ہونا چاہیئے تا کہ بچوں میں کتاب سے محبت اسکی حفاظت اور قدر کرنے کی عادت پختہ ہو سکے۔ یہاں بچوں کے لئے مختلف رنگین تصاویر والی کتابیں جن میں الفاظ کم ہوں رکھی جائیں۔ کہانیوں گیتوں اور نغموں کی کتابیں تصویری کہانیوں کی خاص کتابیں استاد خود منتخب کر کے رکھے۔

یہاں بچوں کے گروپ بنا کر کتابیں دکھانی چاہئیں۔ انفرادی طور پر بچوں کی مرضی کی کتابیں انہیں دیکھنے کی اجازت ہو استاد اس لئے خاص وقت مقرر کرے اور ہفتے میں کم از کم دو تین بار لائبریری جانے کی مشق کرائے تا کہ بچے کتابوں سے مانوس ہوں نیز کتابیں اٹھانے اور احتیاط سے واپس رکھنے کی عادت پختہ ہو سکے۔

تدریسی سرگرمیوں کے ساتھ درسی مواد کی ہفتہ وار تقسیم :-

اور طریقہِ تدریس:

ہفتہ وار تربیتی سرگرمیوں اور اسباق کی منصوبہ بندی استاد کے لیے تدریسِ اردو کی سبقی ترتیب میں معاون و مددگار کے طور پر کام کرتی ہے۔ یہ ابتدائی تیاری ہے جو آئندہ پورے سال کام آئے گی۔ کیونکہ یہ بہت اہم وقت ہے جس میں اساتذہ کو بچوں کی صلاحیتوں کو جانچنے ،کمزوریوں کو سمجھنے دیکھنے اور انفرادی توجہ کے طالب بچوں کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔ یہ نہایت اہم ہے کیونکہ انہیں ابتدائی دنوں میں استاد یہ فیصلہ کرنے کے قابل ہو جاتا ہے کہ سال بھر ان بچوں کے لیے کس طرح کی تدریسی سرگرمیاں اور اسباق ان بچوں کی صلاحیتوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیئے جاسکتے ہیں۔

جماعت کی تنظیم و ترتیب کا بھی یہی نہایت مناسب وقت ہے۔استاد کے لئے لازم ہے کہ وہ اس دوران اصول وضوابط ترتیب دے جیسا کہ وہ بچوں سے توقع کرتا ہے کہ وہ سال بھر اس پر عمل کریں تا کہ مسائل ومشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

جماعت اول کے پہلے چھ سے آٹھ ہفتے تک صرف زبانی کام کرایا جائے اور زیادہ سے زیادہ گفتگو کے مواقع دیئے جائیں اس مقصد کے لیے ماڈل، خاکے،تصاویر اور کھلونوں کی مدد سے بچوں کو بات چیت کے لیے آمادہ کیا جائے۔بچوں کو ایسے مشاغل میں مصروف رکھا جائے جس سے وہ اشیاء کے رنگ،ساخت اور بڑا چھوٹا ہونے میں تمیز کر سکیں۔ ایک جیسی اور مختلف اشیاء کو الگ کر سکیں۔

اس اہم وقت کے بہترین استعمال کے لیے استاد کو چاہیئے کہ مختلف اشیاء کی شناخت اور ان میں تمیز کی پختگی کے لیے اگر ممکن ہو تو اصل اشیاء کا استعمال کرے اس کے علاوہ مقامی طور پر دستیاب مواد اور خود تیار کردہ ''ورک شیٹ'' استعمال کرائے۔

جانوروں اور پرندوں کی دلچسپ کہانیاں سنائے جن میں الفاظ کی تکرار ہو تا کہ بچوں میں توجہ سے سننے اور سوچنے کی عادت ڈالی جاسکے۔گیت اور نظمیں سنائیں تا کہ انہیں یاد کرنے کی اور دہرانے کی ترغیب دلائی جاسکے۔

یہاں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ اگر بچوں کی مادری زبان اردو کے علاوہ کچھ اور ہے تو انہیں فوری طور پر اردو بولنے پر مجبور نہ کیا جائے بلکہ مقامی یا انکی اپنی زبان میں بولنے کا موقع دیا جائے تا کہ جھجک نہ رہے اور خود اعتمادی پیدا ہو۔ستاد ضرورت کے مطابق مقامی زبان کا سہارا لے مگر آسان اور سادہ اردو میں بات کرے تا کہ مناسب ذخیرہءالفاظ بچوں کے پاس جمع ہو جائے اور بچے خود بولنے کی کوشش کریں۔ ہر ہفتے نیا حرف سکھایا جائے گا۔جیسے پیر،منگل، بدھ اور جمعرات کو، جمعہ اور ہفتہ مختلف تدریسی مراکز میں سرگرمیوں کے دن ہوں گے یہاں یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ پہلے استاد ہر عمل کی مکمل ہدایات دینے کا مظاہرہ کرے تا کہ بچے مکمل طور پر سمجھ کر عمل کر سکیں۔استاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک نظام

الاوقات مرتب کرے تا کہ بچوں کو دن اور وقت کے مطابق کام کرنے کی سمجھ ہو۔

سال کے آخر میں جائزہ لینا بہت ضروری ہے تا کہ آئندہ سال کے پروگرام کے لیے بہتر سرگرمیاں اور مواد ترتیب دیا جا سکے جو بچوں کی مخصوص ضروریات کو پورا کر سکے۔ سال کے آخر میں ایسا وقت خاص طور پر نکالا جائے جس میں بچے کو اگلی کلاس کی پڑھائی کی ترغیب دی جا سکے جیسے کہانیوں کے بارے میں سوالات، کرداروں کو زیرِ بحث لانا اور مطالعہ کے لیے وقت دینا۔

ذیل میں اساتذہ کے لیے روزانہ کے اسباق کی تدریسی ترتیب دی گئی ہے جو تعلیمی مواد پہنچانے اور معلومات فراہم کرنے کا تفصیلی طریقہ بتاتی ہے۔ ان پر عمل پیرا ہو کر استاد سال بھر کے متعین کردہ تدریسی مقاصد بطریقِ احسن حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن اس کا یہ ہرگز مقصد نہیں کہ اساتذہ اپنی تخلیقی صلاحتیں استعمال نہ کریں بلکہ اساتذہ خود ایسی تعلیمی سرگرمیاں تخلیق کریں جو بچوں کو کسی بھی مہارت سکھانے میں معاون ثابت ہوں۔ یہاں تدریسی سرگرمیوں کا ذخیرہ دیا گیا ہے استاد ان سے رہنمائی لے کر ایسی کئی سرگرمیاں کروا سکتا ہے۔

نصاب کے عنوانات مکمل کرنے میں لچکداری کا مظاہرہ کریں اور اس بات کا یقین کر لیں کہ نیا عنوان پڑھنے سے پہلے تمام بچے پچھلے پڑھائے گئے عنوان مکمل طور پر سیکھ چکے ہوں۔

اگست

اگست کے تیسرے ہفتے سے کام شروع ہوگا۔

ہفتہ	عنوان	تدریسی مواد
3	بچوں کی جانچ	جماعت کی تنظیم و ترتیب کا مستقل بنیادوں پر آغاز کریں، بولنا اور سننا کی مہارت پر کام کرتے ہوئے جماعت میں ایسی سرگرمیوں کا آغاز کریں جو نہایت ہوشیار بچوں، ذہین بچوں اور ایسے بچوں کو جو انفرادی توجہ کے یا خاص رہنمائی کے طالب ہیں ان کو جانچنے میں مددگار ثابت ہوں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)
4	بچوں کی جانچ	بولنے اور سننے پر کام جاری رکھیں اور کھیل پر مبنی سرگرمیوں پر کام کریں تاکہ بچوں کو جانچا جا سکے۔ ان کی کارکردگی پر گہری نظر رکھیں۔ بچوں کو زیادہ سے زیادہ گفتگو کے مواقع فراہم کریں مشاہدے کے لیے کھلونے، ماڈل، چارٹ تصاویر اور اصل اشیاء فراہم کریں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں) حروف تہجی کا گیت سنائیں (ٹیپ ریکارڈر چلائیں) بچوں کو ساتھ گانے کے لیے کہیں اور انکی حوصلہ افزائی کریں۔

ستمبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
1	مماثلت، چیزوں کے جوڑ تلاش کرنا	رنگوں کی گروہ بندی کرائیں۔ بچوں کے مشاہدے میں آنے والی رنگ دار اشیاء دکھائیں جو چار یا پانچ سے زیادہ نہ ہوں۔ اشیاء خود دکھائیں یا بورڈ پر لگی ہوئی دکھائیں یا ورک شیٹ پر بنی ہوئی دکھائیں۔ اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اسی طرح رنگوں کی گروہ بندی کریں۔ اب انفرادی طور پر مشق کرائیں۔ ایک جیسے رنگوں کی شناخت میں پختگی کے لیے مزید اشیاء سے مشق کرائیں یہاں تک کہ بچے ماہر ہو جائیں	ایک جیسی چار پانچ اشیا دکھا کر بچوں سے کہیں کہ ایک جیسی اشیاء مجھے دکھائیں، یہ عمل جماعت سے کرانے کے بعد انفرادی طور پر مشق کرائیں۔ طلباء کے لیے بہت سی مختلف اشیاء کے گروپ بنائیں تاکہ بچے یقینی حد تک سمجھ جائیں۔	مختلف ساخت اور جسامت کی اشیاء دکھائیں اور ایک سائز کی اشیاء سمجھائیں بچوں کو یہ اشیاء دیں اور ان سے ایک سائز کی اشیاء اٹھا کر دینے کو کہیں۔ انفرادی طور پر یہ مشق کرائیں۔ بچوں کو مختلف اشیاء ملا کر دیں کہ وہ سائز الگ کریں، یہاں تک کہ وہ پہچان میں پختہ ہو جائیں۔	رنگ اشکال اور سائز کی دہرائی کرائیں۔ ورک شیٹ بورڈ یا چارٹ پر کام کرائیں۔ بچوں سے روزمرہ کی گفتگو کریں اور تہذیبی کلمات استعمال کریں۔ اسلام علیکم، وعلیکم اسلام، آیئے، بیٹھیے، تشریف رکھیئے اور شکریہ وغیرہ	طلباء کی پہچان کی قابلیت جانچنے کے لیے اشیاء کے جوڑے بنوائیں اگر طلباء اس شناخت میں ماہر ہو جائیں تو تہذیبی کلمات سکھائیں اور روزمرہ کی گفتگو کا سلسلہ جاری رکھیں تاکہ بچے آپ سے بات کرنا شروع کر سکیں۔

ستمبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/.
2	آ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں ریکارڈ رسے سنائیں خود گائیں ،اور بچوں کو ساتھ گانے کی ترغیب دیں۔ بچوں کو ''آ'' کی تحریری شکل دکھائیں ''آ'' کا چارٹ پہلے سے کلاس میں لگائیں اور ساتھ آم اور آنکھ کی تصویر لگائیں۔ آ کی آواز کا تعارف کرائیں آ آ آ	''آ'' پرکام جاری رکھتے ہوئے آج کاغذ پر ''آ'' لکھنے کی مدد کریں ورک شیٹ پر ''آ'' لکھا ہوا اور نیچے اس کا خاکہ بنا کر دیں بچے اس پر پنسل پھیریں یہاں استاد فرداً فرداً بچوں کی مدد کرے تاکہ پنسل کی گرفت اور لائنوں میں لکھنے کی عادت ہو سکے۔ **سرگرمی** بچوں کو کہیں کہ وہ اب ''آ'' کی آواز جماعت کے سامنے آ کر نکالیں بہ آواز بلند مشق کرانے	آج آم اور آنکھ والا چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں ایک فلیش کارڈ پر ''آ'' اور دوسرے پر آم دکھائیں۔ اور بتائیں آم کا پہلا حرف ''آ'' ہے اب ''آ'' اور ''آم'' کارڈ دکھاتے ہوئے کہیں ''آ'' اور ''آم'' کا کارڈ دکھائیں اور بچوں سے اسکی آواز پوچھیں۔ اب آم دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے بچے بولیں گے آم ''آ'' اور آم کی پہچان ہو جانے کے بعد اب ''آ'' سے شروع ہونے	''آ'' کی آواز سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائیں۔ اب ''آ'' کے قطعات استعمال کریں اور بچوں سے ''آ'' بنوائیں **سرگرمی** مختلف تصاویر اور ''آ'' کے کارڈ ملا جلا کر رکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ''آ'' اور ''آ'' سے بننے والی کسی چیز کا کارڈ اٹھائیں اور بورڈ پر لگائیں۔	ہفتے بھر کے تدریسی کام کا جائزہ لیں۔ کوئی گیت یا نظم گائیں اور بچوں کو سکھائیں۔ نظم و گیت گائیں بچوں کو سکھائیں **سرگرمی** بچوں کو تدریسی مراکز میں سے لائبریری مرکز لے کر جائیں اور وہاں تصویری کہانیوں کی کتابیں دیکھنے کو دیں۔ استاد خود کہانی سنائے اور ساتھ ساتھ ورق الٹائے۔

		بورڈ پر لکھیں اور اب ''آ'' انگلی یا پوائنٹر کی مدد سے لکھا ہوا دکھاتے ہوئے آ کی آواز نکالیں آواز سکھاتے ہوئے ''آ'' پر بار بار انگلی یا پوائنٹر پھیریں تاکہ ''آ'' کی تحریری شکل سے بچے آگاہ ہو جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ یا چارٹ سے دیکھ کر اپنے ڈیسک پر انگلی سے لکھنے کی کوشش کریں اور ساتھ آواز نکالیں۔	کی کوشش کریں۔ استاد ساتھ ساتھ حرف ''آ'' دکھائے اور آواز نکالے تاکہ جن بچوں کو مشکل پیش آرہی ہے وہ حل ہو جائے۔	والی اور اشیاء کی تصاویر دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے جیسے آڑو، آری، آنکھ۔ اب ''آ'' کی آواز کے ساتھ تمام اشیاء کے نام دہرائیں۔ سرگرمی بچوں سے تالیوں کے ساتھ گیت گائیں۔ آ سے آم آ سے آری آ سے ہے آڑو بھیا تو کھائیں گے آم تم لے لو آڑو آ آ آم آ آ آ آری آ آ آ آڑو	سرسد ۱۔ بچوں کو پینسل دیں اور ''آ'' کا حرف بنوائیں۔ ۲۔ ''آ'' کا خاکہ بچوں کو دیں اور وہ اپنی ورک شیٹ پر ٹریس (نقش بنائیں) کریں۔ ۳۔ ''آ'' کے ٹریس میں رنگ بھرائیں اس دوران بچوں کی مدد کریں اور بہت خوشگوار موڈ میں بچوں کے ساتھ کام کریں۔	

ستمبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
3	الف	حروفِ تہجی کا گیت ٹیپ ریکارڈر پر چلائیں۔ الف کا چارٹ جماعت میں لگائیں انار اور انگور کی تصویر والا چارٹ بھی لگائیں۔ الف کا تعارف کرائیں اور اسکی آواز بتائیں بورڈ پر الف لکھیں اور چارٹ سے دکھائیں الف پر انگلی یا پوائنٹر پھیریں اور ساتھ آواز نکالیں۔ استاد بتائے کہ الف کیسے لکھا گیا ہے	سرگرمی الف پر کام کرتے رہیں۔ بچوں کو فلیش کارڈ سے الف اور اسکی آواز بتانے کے لیے کہیں۔ بچے جماعت کے سامنے الف دکھا کر اس کی آواز نکالیں الف کا کارڈ دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے اور یہ کیسی آواز دیتا ہے۔ استاد ''آ'' اور الف کے کارڈ دکھا کر پڑھے اور انکی آواز بتائے پھر بچوں سے باری باری دونوں کی مشق کرائے۔ الف کی تحریری شکل کی پہچان کے لیے ورک شیٹ پر الف لکھا ہو	الف کا فلیش کارڈ اور الف سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ استعمال کریں۔ الف کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ فلیش کارڈ سے الف اور الف سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں اور اسکی آواز بتائیں۔ الف انگور الف دکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور اب انگور دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ الف سے شروع ہونے والی مزید اشیاء کے فلیش کارڈز الف کے	الف سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائیں الف کے قطعات استعمال کریں اور بچوں سے الف بنوائیں۔ الف کا خاکہ ورک شیٹ پر بنا ہوا دیں اور بچے اس پر پنسل پھیر کر مکمل کریں الف ٹریس (نقش بنائیں) کرائیں۔ سرگرمی الف اور ''آ'' کے کارڈ اور تصاویر کے کارڈ ملا جلا کر رکھیں اب بچوں سے باری باری تلاش کروائیں اور بورڈ پر لگوائیں۔ بچوں کو ورک شیٹ پر الف کا خاکہ	نظم یا گیت سنائیں اور بچوں کو ساتھ گانے کے لیے کہیں۔ پڑھائے گئے حروف کو دہرائیں جائزہ لیں۔ بچوں کو آرٹ مرکز لے جائیں اور انگور اور انار کے خاکے میں رنگ بھروائیں۔ گیت گائیں۔ الف انار اور الف انگور، الف اونٹ اور انڈا میں پڑھتی ہوں الف انار تم بولو اونٹ اور انڈا انڈا اونٹ انار پڑھنے کو ہم تیار

		بچوں کو شامل کریں اور کہیں کہ اپنے ڈیسک پر انگلی سے الف لکھیں اور ساتھ آواز نکالیں۔	اور نیچے اسکا خاکہ بنا کردیں۔ بچے اس پر پنسل پھیریں۔ اس دوران بچوں پر نظر رکھیں اور پنسل کے استعمال میں ان کی مدد کریں۔	کارڈ کے ساتھ دکھا ئیں۔ **سرگرمی** الف انگور الف انار، الف انڈا۔ **الف انگوٹھی** انگور بتاتے ہوئے دو دفعہ تالی بجائیں ۔انڈا دو دفعہ تالی بجا کر بتائیں۔ اشیاء کی دونوں آوازوں کو سمجھائیں کہ دونوں مل کر ایک لفظ بنا رہی ہیں۔ اب تالی کے ساتھ جماعت کے بچوں کے نام کی آوازوں کی مشق کرائیں۔	بنا کردیں اور بچے ں پر ریت س پھیریں۔	

		جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ انگلی سے ڈیسک یا ہوا میں لکھنے کی کوشش کریں۔ اور ساتھ آواز نکالیں۔ نظم اب پ ت ٹ ث بچوں سے ایک آواز میں پڑھوائیں۔	[illegible] لیا گیا ہے۔ اس بات کا یقین کرلیں کہ بچہ فرق سمجھ رہا ہے۔	[illegible] یا ء کا چارٹ استعمال کریں۔ لفظ کے پہلے حرف کی آواز نکالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس چیز کو چھو کر آئیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)		

اکتوبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
4	ث	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''ث'' کا تعارف کرائیں اور آواز بتائیں۔ ''ث'' اور ''ثہ'' ایک ہی کارڈ پر لکھا ہوا دکھائیں اور آواز نکالیں۔ بورڈ پر ''ث'' لکھیں اور آواز نکالتے ہوئے ''ثہ'' لکھیں۔ ا، ب، ث پڑھتے ہوئے ان پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتی جائیں تاکہ بچے تحریری شکل سے واقف ہو	بچوں سے جماعت میں ''ث'' کی پہچان اور آواز کی مشق کرائیں۔ ''ث'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے۔ اب اسکی آواز کی مشق کرائیں۔ ''ث'' دکھا کر اسکی آواز پوچھیں ''ثہ'' دکھا کر بتائیں یہ ''ث'' کی چھوٹی شکل ہے۔ اب پوچھیں اسکی آواز کیا ہے۔ استاد اپنی تسلی کرے کہ بچے ''ث'' ''ثہ'' کی آواز سمجھ چکے ہیں کہ وہ ایک ہی ہے۔ صرف شکل بڑی اور چھوٹی پہچان کی پختگی کے لیے اب کسی اور حرف کا کارڈ دکھا	''ث'' کی چھوٹی بڑی شکل کا چارٹ اور ث سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ استعمال کریں۔ ''ث'' سے شروع ہونے والے لفظ کو ادا کریں ''ث'' ثمر ''ث'' اور ثہ کا کارڈ باری باری دکھائیں اور مشق کرائیں۔ سرگرمی	''ث'' اور ''ثہ'' کا مشترکہ کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں ''ثہ'' ''ث'' اور ''ثہ'' پر انگلی پھیریں اور بتائیں کہ دونوں کی آواز ایک ہے۔ ''ث'' کا خاکہ بچوں کو ورک شیٹ پر بنا کر دیں کو وہ اس پر پینسل پھیریں۔ قطعات سے ''ث'' مکمل کرنے کی مشق کرائیں۔	ہفتہ بھر کے تد[illegible] مواد کا جائزہ لیں۔ بچوں کو آرٹ مرکز لے جائیں اور ثمر کی تصویر جس میں جہت سے پھل اکٹھے رکھے گئے ہوں اس میں رنگ کرائیں اور پھلوں کے نام پوچھیں اور پسندیدہ پھل میں رنگ بھرنے کو کہیں۔

			بڑی شکل کا جائزہ لینے کے لیے بچوں سے کہیں کہ جو بولا جائے وہ لکھیں۔ استاد بولے اور املا کرائے بچے لکھیں۔ بڑی ''پ'' چھوٹی ''ٹہ'' ''ا'' بڑی ''ب'' چھوٹی ''تہ'' ''پ'' ''ڑ'' ''ا'' ''ب'' ''ٹہ'' بچوں کے پیپر دیکھ کر اندازہ لگائیں کہ بچوں نے کیسے کام کیا۔	ٹ ٹریکٹر ٹ ٹی وی۔ٹیلی ویژن سرگرمی مختلف پڑھائی گئی اشیاء کے خاکے بچوں کو دیں۔ بچوں کو اپنی پسند کا خاکہ منتخب کرنے دیں۔ اب بچوں کو کہیں کہ وہ اس پر اس چیز کے نام کے شروع کا پہلا حروف لکھیں اور اسکی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔	چھوٹی شکل کی پہچان کرائیں سرگرمی حروف کی شکل پہچانیں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)۔	آتی ہے۔ کتاب پکڑنے اور ورق پلٹنے کی تربیت بھی دیتی جائیں۔ بچے یہاں کتاب سے واقفیت حفاظت اور واپس رکھنے کا طریقہ سیکھ جائیں گئے۔

اکتوبر

ہفتہ	عنوان	ٹیسٹ آ سے ت تک لیں ۔	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
3	ٹ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''ٹ'' کا تعارف کرائیں ٹ کی بڑی چھوٹی شکل کا چارٹ دکھا کر ''ٹ'' کی آواز بتائیں۔ ''ٹ'' اور ''ٹہ'' پر پوائنٹر یا انگلی پھیر کر ''ٹ'' کی آواز بتائیں تا کہ ''ٹ'' کی تحریری شکل کی پہچان ہو سکے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ڈیسک پر انگلی سے ''ٹ'' لکھیں یا ہوا میں لکھیں اور ساتھ ''ٹ'' کی آواز نکالیں۔	''ٹ'' اور ''ٹہ'' والا کارڈ بچوں کو دکھا کر اس پر دو انگلیاں جوڑ کر ڈیسک پر لکھنے کی مشق آواز کے ساتھ کرائیں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے ''ٹ'' ''ٹہ'' کے کارڈ کے ساتھ آواز نکالتے ہوئے مظاہرہ کرائیں ۔ ''ٹ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اور اس کی آواز کیا ہے؟ جو بچے مشکل محسوس کریں انکی مدد کریں۔ آج پڑھائے گئے حروف کی چھوٹی	''ٹ'' ٹہ ایک ہی کارڈ پر دکھائیں اور آواز نکالیں اب ''ٹ'' سے شروع ہونے والا لفظ بتائیں ٹ ٹوپی ٹہ ٹوپی کبھی ''ٹ'' اور ''ٹہ'' ٹوپی کی تصویر والا کارڈ دکھائیں اور مشق کرائیں ۔ اب ''ٹ'' سے کچھ اور الفاظ بتائیں اور انکی تصاویر دکھائیں۔ ٹ ٹماٹر	''ٹ'' سے شروع ہونے والے تمام الفاظ دہرائیں اور بتائیں کہ ''ٹ'' اور ''ٹہ'' کی ایک آواز ہے پہچان کی مشق کے لیئے سرگرمی کرائیں سرگرمی بورڈ پر کچھ بڑے حروف اور انکی چھوٹی شکل لکھیں اب بچوں سے پوچھیں وہ بورڈ پر جا کر ان حروف پر نشان لگائیں۔ چھوٹے حروف کی بڑی شکل یا بڑے حرف کی'	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ بچوں کو لائبریری مرکز لے جائیں۔ اور کوئی کہانی کی کتاب منتخب کر کے بچوں کو سنائیں الفاظ پر انگلی رکھ کر پڑھیں اور انگلی آگے چلاتی جائیں تا کہ بچے دیکھیں کہ یہ دائیں سے بائیں کی طرف پڑھی جاتی ہے اور اوپر سے نیچے کے رخ

		بچوں سے کہیں کہ وہ انگلی سے ت اور ''تہ'' اپنے ڈیسک پر ٹریس کریں یا لکھیں۔ دو انگلیاں جوڑ کر قلم کی طرح لکھیں ۔ہوا لکھنا چاہیں تو ہوا میں لکھیں۔	ملا جلا کر رکھیں اور بچوں کو باری باری بلا کر کارڈ اٹھا کر آواز نکالنے کو کہیں۔	ہے۔ مشق اور پہچان کے بعد ''تہ'' سے اور اشیاء کی تصاویر دکھائیں اور چارٹ استعمال کریں۔اب فلیش کارڈ ''تہ'' کا دکھائیں۔ اور اشیاء بدلیں جیسے تہ تختی ت،تربوزہ۔ ت،تلوار بچوں کی زبان کی آسانی کے لیے ت سے ترکھان بھی استعمال کریں۔(لیکن تین سے زیادہ الفاظ نہ دیں)۔	ایک ہے۔ ''تہ'' ورک شیٹ پر ''ت'' لکھ کر یا ٹریس کر کے دیں بچے اس پر پنسل سے کام کریں۔ سرگرمی حروف اٹھائیے (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں اور یہ سرگرمی کرائیں)۔	

اکتوبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
2	ت	''ت'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا چارٹ لگائیں ''ت'' سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ لگائیں۔ حروف تہجی کا گیت گائیں۔ ''ت'' کی تحریری شکل دکھاتے ہوئے تعارف کرائیں۔ بورڈ پر ''ت'' لکھیں اور بولیں ''ت '' تہ بولنے کے بعد تہ لکھیں اور بتائیں یہ ''ت'' کی چھوٹی شکل ہے مگر دونوں کی آواز ایک ہے ''ت'' اور ''تہ'' پر پوائنٹر یا انگلی پھیریں اور آواز بتائیں۔	''ت'' پر کام جاری رکھیں ''ت'' کی چھوٹی اور بڑی شکل کا چارٹ یا فلیش کارڈ استعمال کریں۔ اب بچوں کو سے کہیں کہ وہ کلاس کے سامنے ''ت'' کی تحریری شکل اور آواز بتانے کا مظاہرہ کریں۔۔ فلش کارڈ سے ''تہ'' ''ب'' کے حروف دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے؟ اگر بچوں میں کوئی نہ بتا سکے تو استاد اسکی مدد کرے سرگرمی آ ''بہ'' ''پ'' ''ت'' کے فلیش کارڈ	''ت'' اور ''تہ'' کا تصویری چارٹ سامنے رکھیں ''ت'' سے شروع ہونے والی اشیاء کے کارڈ اپنے سامنے رکھیں۔ فلیش کارڈ سے ''ت'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں۔ ''ت'' ''تہ'' تتلی استاد بتائے کہ تتلی کا پہلا حروف ''تہ'' ہے۔ فلیش کارڈ میں ''تہ'' اور تتلی دکھائیں۔ اب بدل بدل کر مشق کرائیں۔ اور پوچھیں یہ کیا	''ت'' کی بڑی شکل اور اسکی چھوٹی شکل ''تہ'' کا کارڈ دکھائیں اور بتائیں کہ یہ دونوں ایک ہی آواز دیتی ہیں۔ اب اسکی تحریری شکل کے لیئے قطعات استعمال کریں اور بچے ان کو جوڑ کر ''ت'' بنائیں۔ ورک شیٹ پر ''ت'' کا خاکہ بنا کر دیں اور بچوں سے پنسل سے مکمل کرائیں۔ ت کی چھوٹی بڑی شکل کا کارڈ دکھائیں اور اسکی آواز نکالیں بچوں کو بتائیں کہ ان کی آواز	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں ''تتلی'' کی نظم گائیں اور بچوں کے ساتھ گانے کو کہیں، فلیش کارڈ سے تتلی کی تصویر دکھائیں اور تتلی کی پہچان کرائیں۔ تدریسی مرکز آرٹ مرکز جائیں اور تتلی کی تصویر میں رنگ بھروائیں۔

		جائیں گی۔ ''پ'' اور ''پہ'' پر قلم کی طرح پھیریں تا کہ تحریری شکل واضح ہو۔ بچوں سے ڈیسک پر اسی طرح انگلی سے ٹریس کرنے یا لکھوانے کی کوشش کریں۔ بچے ہوا میں انگلی سے لکھیں۔	اسکی آواز کیسی ہے اس دوران یقین کر لیں کہ بچے آوازوں میں فرق جان چکے ہیں اور حروف کی پہچان کر چکے ہیں۔ ورک شیٹ پر ''پ'' اور ''پہ'' کا نکات سے خاکہ بنا کر دیں اور بچے پنسل سے مکمل کریں۔	پانڈا، ''پ'' پت۔ شاید بچے اپنی زبان میں نئی چیزوں کے نام بتانے کے قابل ہو جائیں، ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اب ''پ'' سے پاکستان بولیں۔ سرگرمی ''پ'' سے گیت گائیں ''پ'' سے پنکھا، ''پ'' سے پتنگ اور ''پ'' سے پاکستان تیرا میرا پاکستان، ہم سب کا پاکستان اشاروں سے اور تالیوں سے گیت گائیں۔	اس دوران بچوں کی مدد کریں اور جن بچوں کو مشکل پیش آ رہی ہے ان کے پاس جا کر مدد کریں۔ ناخوشگواری کا اظہار نہ کریں۔	

اکتوبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
1	پ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''پ'' کے حرف کا تعارف کرائیں۔ ''پ'' کی تحریری شکل دکھائیں اور اسکی آواز نکالیں۔ ''پ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا چارٹ دکھائیں۔ ''پ'' بولتے ہوئے انگلی یا پوائنٹر پھیریں اور آواز بتائیں۔ چھوٹی شکل پر انگلی پھیریں (سیدھے ہاتھ کی انگوٹھے کے ساتھ والی اور بڑی انگلی کو اکٹھا جوڑیں باقی دونوں انگلیوں اور انگوٹھے کو مٹھی کی طرح بند کرلیں) یہ قلم کی طرح بن	''پ'' پر کام جاری رکھیں ''پ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا چارٹ سامنے لگائیں۔ سرگرمی بچوں کی جماعت کے سامنے ''پ'' کی شکل اور آواز کا مظاہرہ کرنے کو کہیں۔ پ کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور اس کی آواز کیا ہے؟ اب ''ب'' اور ''پ'' کی چھوٹی اور بڑی اشکال کے فلیش کارڈ میز پر رکھیں اور باری باری دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے اور	''پ'' اور ''پہ'' کا تصویری چارٹ سامنے لگائیں جس پر ''پ'' سے شروع ہونے والی اشیاء ہوں جیسے پنکھا پتنگ پانڈا اور پاکستان۔ ''پ'' کے ساتھ ''پہ'' لکھا ہوا کارڈ دکھائیں اور اسکی آواز کے ساتھ شروع ہونے والا لفظ پنکھا بتائیں۔ اب اگر بچے اپنی زبان میں ''پکھا'' یا ''پکھی'' کہیں تو قباحت نہیں۔ استاد صرف درستگی کرے اور بتائے کہ اردو میں پنکھا کہتے ہیں۔ اب ''پ'' سے شروع ہونے والی باقی اشیاء کی تصاویر دکھا کر فلیش کارڈ کی مدد سے مشق کریں ''پ'' پتنگ، ''پ''	''پ'' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام آواز کے ساتھ دہرائیں۔ سرگرمی ''ا'' ''ب'' اور ''پ'' کے فلیش کارڈ میز پر الگ الگ رکھیں بچوں سے کہیں کہ وہ صرف پ سے شروع ہونے والی چیز کی تصویر بورڈ پر لگائیں۔ ورک شیٹ پر ''پ'' کا خاکہ نکات سے بنا کر دیں۔ بچے مکمل کریں اور رنگ بھریں۔	ہفتے بھر کا بڑھائے گئے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ نظم اور گیت گائیں بچوں کو آرٹ مرکز لے جائیں اور وہاں حروف کے خاکے کٹوائیں اور بچوں سے انکی ورک شیٹ پر چسپاں کرائیں۔ رنگین کاغذ سے پتنگ کٹوائیں یا پتنگ کی ڈرائنگ کروائیں اور بچوں کی پسند کے رنگ بھروائیں۔

		آواز بتائیں۔ ''ب'' کی تحریری شکل اور بہ کی شکل کی شناخت کرائیں۔بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ڈیسک پر ''ب''،''بہ'' انگلی سے لکھنے کی کوشش کریں اور ساتھ ''ب'' کی آواز نکالیں اور بتائیں ''بہ'' ''ب'' کی چھوٹی شکل ہے اور دونوں کی آواز ایک ہے۔	اب ''بہ'' دکھائیں اور بتائیں یہ ''ب'' کی چھوٹی شکل ہے اور دونوں کی آواز ایک ہے۔ فلیش کارڈز سے بچوں کی مشق کرائیں۔	ہونے والی اشیاء کی پہچان کے لیے باری باری بچوں کو بلا کر مشق کرائیں۔ اس دوران حرف ''ب'' کی پہچان اس کی آواز اور چیز کا نام لینے کے لیے کہیں۔ سرگرمی.....۲ آوازوں سے مل کر الفاظ بننے کا عمل سمجھانے کے لیے ہر آواز پر تالی کی مشق کرائیں۔ با جا ۔دو دفعہ تالی بجوائیں۔ بن در۔دو دفعہ تالی بجوائیں۔ بک ری۔ دو دفعہ تالی کے ساتھ کہلوائیں۔ اس بات کا یقین کر لیں کہ بچے یہ آوازیں سمجھ رہے ہیں۔ جماعت کے بچوں کے ناموں کی مشق کرائیں تاکہ تالی کی آواز کا مقصد سمجھ آسکے۔		

ستمبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/
4	ب	حروفِ تہجی کا گیت سنائیں۔ بچے ساتھ گانے کی کوشش کریں۔ ب کا چارٹ جماعت میں لگائیں اور ساتھ تصویری چارٹ استعمال کریں۔ بورڈ پر ب لکھیں اور آواز بتائیں اب ''بہ'' لکھیں اور بتائیں کہ یہ اسکی چھوٹی شکل ہے۔ ''ب'' اور ''بہ'' پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتی جائیں اور	''ب'' پر کام جاری رکھیں۔ ''ب'' اور ''بہ'' کا کارڈ استعمال کرتے ہوئے تحریری شکل اور آواز کی پہچان کرائیں۔ سرگرمی اب بچوں سے جماعت کے سامنے تحریری شکل اور آواز کا مظاہرہ کرائیں۔ ب کا کارڈ دیکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیسی ہے؟ یہاں اب الف کا کارڈ دکھائیں اور آواز پوچھیں پھر ''ب'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز پوچھیں	''ب'' کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ ''ب'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کی پہچان کے لیے ''ب'' کارڈ پر ''بہ'' بھی لکھیں۔ اب دوسرے کارڈ ''ب'' سے شروع ہونے والی اشیاء کے استعمال کریں۔ باری باری ''ب'' ''بہ'' کے کارڈ کے ساتھ ایک چیز کا تصویری کارڈ دکھائیں اور بولیں۔ ''ب'' بکری ''ب'' بندر ''ب'' بطخ سرگرمی فلیش کارڈ سے ''ب'' سے شروع	''ب'' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائیں۔ اب ''ب'' اور ''بہ'' بورڈ پر لکھیں۔ اور آواز نکالیں۔ اور بتائیں دونوں کی آواز ایک ہے۔ سرگرمی حروف کے قطعات استعمال کریں اور ''ب'' کی شکل بنوائیں۔ ۲۔ ''ب'' کا خاکہ ورک شیٹ پر بنا کر بچوں کو دیں اور پنسل پھیرنے کو کہیں۔ ''ب'' کے خاکے میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو یہاں استاد کی مدد درکار ہو سکتی ہے لہذا پنسل سے کام کرتے ہوئے ہر بچے کے پاس جائیں۔	ہفتہ بھر کے تعلیمی مواد کی دہرائی کریں جائزہ لیں۔ نظم یا گیت سنائیں اور بچوں کو شامل ہونے کو کہیں۔ تدریسی مرکز جائیں۔ حرف تہجی مرکز لے جائیں اور کھیل کھیل میں مشق کرائیں۔ نظم! اب بپ ت ٹ ث ہم چھوٹے سے تھے امی مارتی تھیں ہم روتے تھے ماموں آتے تھے پیار سے بلاتے تھے سیر کراتے تھے۔

نومبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
1	ج ج سکھانے سے پہلے بچوں سے پوچھیں ان کی کتنی بہنیں ہیں ب پ ت ٹ ث ہے کہ ہیں۔ ٹیچر بچوں کو چھوٹے کارڈز پر ان کے نام لکھ کر دے اور لوگ کے ان کا بریسلٹ بنائیں بناتے ہوئے ٹیچر بچوں کی مدد کرے	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''ج'' کا تعارف کرائیں اور ''ج'' کی آواز بتائیں۔ بورڈ پر یا چارٹ پر بڑی اور چھوٹی ج لکھیں۔ ''ج'' اور ''جـ'' لکھتے اور بولتے ہوئے انگلی یا پوائنٹر حرف پر پھیرتے رہیں تاکہ بچے ج کی تحریری شکل جان جائیں۔ استاد جب ''ج'' پر انگلی یا پوائنٹر پھیرے بچوں سے کہے کہ وہ اپنے ڈیسک پر یا ہوا	''ج'' پر کام جاری رکھتے ہوئے ج کی بڑی اور چھوٹی شکل کے لیئے ایک ہی کارڈ استعمال کریں۔ بچوں کو دکھائیں اور آواز نکالیں۔ سرگرمی بڑے ''ج'' اور چھوٹے ''جـ'' کی تحریری شکل اور آواز کی مشق کے لیے بچوں سے ایک ایک کر کے جماعت کے سامنے آ کر جواب دینے کو کہیں۔ ''ج'' کا فلیش کارڈز دکھا کر پوچھیں یہ کیا حرف ہے اور اسکی	ج کی بڑی اور چھوٹی شکل کا کارڈ اور ج سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ جماعت میں لگائیں۔ ''ج'' کا کارڈ اور ج سے شروع ہونے والی چیز کا کارڈ دکھا کر نئے لفظ کا تعارف کرائیں اور بولیں۔ ج سے جوتا ''ج'' کا کارڈ دکھائیں اور ج بولیں اب ''جوتا'' کا تصویر والا کارڈ دکھائیں اور بولیں جوتا۔ اب ''ج'' کی چھوٹی بڑی شکل والا کارڈ دکھائیں اور ساتھ ج سے شروع	''ج'' کی بڑی اور چھوٹی شکل دکھا کر بتائیں کہ دونوں کی آواز ایک ہے۔ تحریری مشق کے لیے ''ج'' کی چھوٹی اور بڑی شکل کے نقطوں والے خاکہ ورک شیٹ پر بتا کر دیں۔ بچے اس پر پنسل، رنگین پنسل پھیریں ''ج'' کی بڑی شکل کے گتے قطعات بچوں کو جوڑنے کے لیئے دیں۔ بچے پنسل پھیرتے ہوئے اور قطعات جوڑتے ہوئے ج کی آواز نکالیں۔	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ بچوں کو بتائیں ''ج'' سے لفظ بنتا ہے جانور جانوروں کا تصویری چارٹ دکھائیں تاکہ بچوں کو جانوروں کے نام یاد آ جائیں بچوں کو اپنی مرضی سے جانوروں کے نام بتانے دیں۔ اب بچوں کو اپنے پسندیدہ جانور کی تصویر بنانے کو

"ج"

"ہفتہ"

تمام حروف جو بچوں نے "ج" سے سیکھ لیے ہیں دُہرائی کروائیں اور گزشتہ طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے بچوں سے اُن چیزوں کے بارے میں پوچھیں۔

ہفتے کے 2 دنوں کے نام دوبارہ دہرائیں، سوموار اور منگل۔

جب یہ ہو جائے تو پھر "بدھ" کا لفظ بورڈ اور "Flash card" پر لکھ کر بتائیں۔ ساتھ ہی بورڈ پر توڑ بھی لکھ کر بتائیں۔

← اس کے بعد "بدھ" کے حروف کو توڑ کر بچوں کو دیں تاکہ وہ اس سے مکمل لفظ خود بنا سکیں۔

← ہوم ورک! سوموار، منگل، بدھ لکھ کر دیں۔ باقی وہ خود لکھیں۔

		میں ''ج'' لکھنے کی مشق کریں۔	آواز کیا ہے۔ یہاں استاد پڑھائے گئے کسی اور حرف کو دکھا کر پوچھ سکتا ہے کہ یہ کیا حرف ہے اور اسکی آواز کیا ہے یہاں یہ یقین کر لینا ضروری ہے کہ بچے اس فرق کو سمجھ رہے ہیں۔	ہونے والی اشیاء باری باری دکھائیں۔ ج جگ ج جہاز ج جگنو ، جال ، جلیبی سرگرمی ''ہواؤں پر لکھا ہے گیت گائیں اور پڑھائے گئے حرف کی مشق ہوا میں لکھوا کر کریں (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)		کہیں اور رنگ بھرنے کو کہیں۔ بچوں کا یہ تمام کام جماعت میں لگائیں۔

نومبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
2	چ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں ''چ'' کا تعارف کرائیں اور ''چ'' کی آواز بتائیں۔ ''چ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل بورڈ پر لکھیں اور کارڈ پر ''چ'' اور ''چہ'' لکھا ہوا دکھائیں بورڈ پر انگلی یا پوائنٹر پھیرتے ہوئے چ کی آواز نکالیں۔ بچے اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں انگلی سے لکھنے کی مشق کریں۔	''چ'' پر کام جاری رکھتے ہوئے چ کی بڑی اور چھوٹی شکل کے لیئے کارڈ اور فلیش کارڈ استعمال کریں سرگرمی بچے جماعت کے سامنے آ کر ''چ'' کی تحریری شکل اور آواز بتائیں۔ اب چ کی بڑی اور چھوٹی شکل والا کارڈ دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں یہ کیا ہے؟ اور اس کی آواز کیا ہے؟ مشکل پیش آنے کی صورت میں استاد مدد کرے۔	چ کی بڑی اور چھوٹی شکل کا کارڈ اور چ سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ فلیش کارڈ سے ''چ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں چ چڑیا اب کارڈ سے ''چ'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب چڑیا کی تصویر والا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اس مشق کے بعد ''چ'' سے شروع ہونے والے اور الفاظ کا تعارف کرائیں اور تصاویر دکھائیں جیسے ''چ'' چابی	''چ'' کی چھوٹی بڑی شکل کا فلیش کارڈ دکھائیں اور دونوں کی آواز بتائیے کہ یہ ایک ہے۔ سرگرمی پڑھائے گئے حروف کے کارڈ بچوں کو دکھائیں اب اخبار کے تراشے اور رسالے یا اپنی تیار کردہ عبارت بچوں کو دیں اور متعلقہ حروف سے شروع ہونے والے الفاظ پر رنگین پنسل یا مارکر سے دائرہ لگائیں۔	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ بچوں کو ورک شیٹ پر ''چ'' کی چھوٹی اور بڑی شکل کے خاکے یا نقطے بنا کر دیں۔ بچے اس پر پنسل سے کام کریں۔ لکھنے کی مشق کے لئے جو حروف پڑھائے جا چکے ہیں ان میں سے کچھ حروف ورک شیٹ پر لکھ کر دیں۔ بچے دیکھ کر خود لکھنے کی کوشش کریں۔

"ح"

ہفتہ

← جتنے حروف بچّوں نے "ح" سے سیکھے ہیں اُن کی دہرائی کروائیں ۔

← سال کے دوسرے مہینے کا نام بورڈ اور "Flash card" پر لکھ کر سمجھائیں ۔

← "فروری" اِسکے توڑ بھی کارڈز پر بنائیں ۔ اور بورڈ پر بھی توڑ لکھیں ۔

← اب بچّوں کو توڑ کے حروف دیں اور اُن سے فروری بنانے کا کہیں ۔
اِس دوران بچّوں کی مدد بھی کریں ۔

← بچّوں سے ساتھ جوڑ پڑھوائیں ۔

ہوم ورک !

"ب" سے "ث" تک کا جائزہ لیں ۔

یہ نظم بچّوں کو سکھائیں !

ایک تھا راجہ ایک تھی رانی
رانی بیٹھی گانا گائے راجہ بیٹھا بین بجائے
نوکر لے کر حلوا آیا طوطے کا بھی جی للچایا
رانی گانا گاتی جائے راجہ بیٹھا حلوا کھائے
طوطا شور مچاتا جائے نوکر بین بجاتا جائے

			یہاں اس کے علاوہ پڑھائے گئے حروف تہجی میں سے کسی کا کارڈ دکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے؟	''چ'' چاند ''چ'' چوہا ''چ'' چاول ''چ'' چمچ استاد یہ سمجھائے کہ ان سب کا پہلا حرف ''چ'' ہے اور آواز ''چہ'' ہے۔ سرگرمی آوازوں سے الفاظ بننے کی مشق کرائیں چا بی دو دفعہ تالی بجائیں۔ دو آوازیں مل کر ایک حرف بنا رہی ہیں چابی چو ہا دو تالیاں اب جماعت کے بچوں کے ناموں کی مشق کرائیں۔	(سرگرمیوں کا ذیرہ دیکھیں ''حروف ڈھونڈیں'')	

نومبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ ہفتہ
3	ح	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''ح'' کا تعارف کرائیں اور ''ح'' کی چھوٹی بڑی شکل دکھا کر آواز بتائیں۔ بورڈ پر ''ح'' اور ''ح'' لکھیں، پوائنٹر یا انگلی پھیرتے ہوئے حرف اور اسکی آواز بتائیں اس دوران بچوں سے ڈیسک پر یا ہوا میں انگلی سے لکھنے کو کہیں، لکھتے ہوئے حرف کی آواز نکالیں۔ بچوں کو ''ح'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کے ساتھ ورک شیٹ دیں، اور لکھنے کو کہیں۔	''ح'' پر کام جاری رکھتے ہوئے ح کی بڑی اور چھوٹی شکل کے لیئے ایک ہی کارڈ استعمال کریں بچوں سے کہیں کہ وہ دیکھ کر اپنی دو انگلیوں کو قلم کی طرح جوڑ کر ڈیسک پر لکھنے کی کوشش کریں اب کارڈ پر مشق کرائیں۔ سرگرمی جماعت کے سامنے بچوں سے مظاہرہ کروائیں۔ ح کی بڑی اور چھوٹی شکل دکھا کر پوچھیں یہ کیا حرف ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے؟	''ح'' کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ فلیش کارڈ کی مدد سے ''ح'' سے شروع ہونے والی چیز دکھا کر نئے ''ح'' کے لفظ کا تعارف کرائیں۔ ح حلوہ فلیش کارڈ سے ''ح'' اور حلوہ کی مشق کرائیں اب ''ح'' سے نئے الفاظ تصویر دکھا کر متعارف کرائیں۔ ح ـــ حقہ ح ـــــ حلوائی ح ـــــــ حوض	''ح'' کی چھوٹی اور بڑی شکل کا ایک ہی کارڈ استعمال کریں کارڈ دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے، اب یہاں بتائیں کہ دونوں کی آوازوں کی آواز ایک ہے۔ سرگرمی کارڈ دیکھیں اور بولیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں) ورک شیٹ پر ''ح'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کے نقطے لگا کر دیں اور بچے پنسل سے مکمل کریں۔	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ پڑھائے گئے حروف کے خاکے رنگین پنسل سے مکمل کرائیں۔ پڑھائے گئے حروف کی چھوٹی بڑی شکلوں کے الگ الگ گروپ بنوائیں بچے ایک طرف بڑی شکل اور اس کے سامنے چھوٹی شکل لکھیں۔

"خ"　　　"ہفتہ"

← "خ" کے الفاظ جو بنائے ہیں دُہرائے اُن کی تصاویروں میں بچوں سے رنگ بھروائیں۔

← جنوری اور فروری کے الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے باری باری جوڑ سے پڑھوائیں۔

← کہانی سنائیں!
ٹیچر بچوں کو "ح" کے بھائیوں کی کہانی سُنائے گی۔ پھر اُسکے بعد اس کے متعلق سوالات پوچھے گی۔

ہوم ورک!
"ح" سے "خ" تک کا جائزہ دیں۔

			اگر بچوں کو مشکل پیش آئے تو استاد مدد کرے۔ اب یہاں وہ حرف بھی پوچھے جا سکتے ہیں جو پڑھائے جا چکے ہیں۔ فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز پوچھیں۔	سرگرمی (حروف محسوس کرائیں سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)		

نومبر

ہفتہ	عنوان	پیر ب سے ث تک کا جائزہ لیں۔	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
4	خ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''خ'' کا تعارف کرائیں اور آواز نکالیں۔ بورڈ پر ''خ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل بنائیں پوائنٹر یا انگلی پھیرتے ہوئے اسکی آواز اور تحریری شکل کی پہچان کرائیں۔ بچے اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں ''خ'' کی بڑی چھوٹی شکل بنائیں اور ساتھ آواز کی مشق کریں۔	''خ'' پر کام جاری رکھیں ''خ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا ایک ہی کارڈ استعمال کریں اور آواز بتائیں۔ سرگرمی بچوں سے جماعت کے سامنے ''خ'' کی تحریری شکل اور آواز کا مظاہرہ کرائیں ۔مشکل محسوس کرنے والے بچوں کی مدد کریں۔ ''خ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اب وہی کارڈ دوبارہ دکھائیں۔اور پوچھیں اسکی آواز کیا	''خ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کا چارٹ اور ''خ'' سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ ''خ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں خ سے خرگوش فلیش کارڈ سے ''خ'' اور ''خرگوش'' کی مشق کرائیں۔ خرگوش کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھیں اس کا پہلا حروف کیا ہے؟ پہچان کی پختگی کے لیئے خود بتائیں کہ خرگوش کا پہلا حرف ''خ'' ہے اب	''خ'' کی بڑی اور چھوٹی شکل کے کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں۔ بچے سمجھ جائیں گئے کہ شکل چھوٹی بڑی ہے مگر آواز ایک ہے۔ ''خ'' کے گتے کے کاٹے گئے قطعات سے بچوں سے خ کی مشق کرائیں۔ ورک شیٹ پر ''خ'' کی چھوٹی بڑی شکل کے نقطے لگا کر دیں۔ بچے اسے پنسل سے مکمل کریں اور اسے دیکھ کر خود ''خ'' لکھنے کی کوشش کریں۔	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ سرگرمی تدریسی مراکز آج لکھائی مرکز کا انتخاب کریں۔

د، ڈ، ذ ہفتہ

← د، ڈ، ذ سے بننے والی چیزوں کے نام اور اُن میں جو رنگ بھرے ہیں۔
اُن کے نام دہرائیں

← بچوں کو د، ڈ، ذ کے لئے سمجھانے Sand tray کا بندوبست کریں۔

← بچوں کو مختلف گروپوں میں تقسیم کریں۔ ہر ایک کو Sand tray دیں اور کہیں
کہ اپنی انگلی سے باری باری د، ڈ، ذ لکھیں۔

بچوں کو گنتی والی نظم سنائیں اور پڑھائیں۔

ایک دو تین — آؤ بجائیں بین
چار پانچ چھ — بستر کر دو تہہ
سات آٹھ نو — گیہوں چنے جو
گن لو پورے دس — رہنے دو اب بس

ہوم ورک!
ا سے ذ تک کا جائزہ لیں۔

			ہے؟ یہاں مشق اور فرق کی غرض سے استاد کسی اور حروف کا کارڈ دکھا کر پوچھ سکتا ہے کہ یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے؟	''خ'' سے الفاظ کا تعارف تصویری چارٹ سے کریں۔ خ خربوزہ۔۔ خ خط خ خچر سرگرمی حروف کی کسوٹی کرائیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)		

دسمبر

ہفتہ	عنوان	ج سے خ تک کا جائزہ لیں	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
1	دڈذ	''حروف تہجی کا گیت گائیں۔ ''دڈذ'' کا تعارف کرائیں۔ د ڈ اور ذ کا الگ الگ کارڈ دکھائیں۔ اور باری باری آواز نکالیں۔ ا۔ ایک کا نام د، د خالی ب۔ دوسرے کا نام ڈ، ڈ پر ڈوئی ج۔ تیسرے کا نام ذ، ذ پر نقطہ د ڈ اور ذ بورڈ پر لکھیں۔ لکھتے ہوئے رفتار کم رکھیں اور ساتھ ساتھ اسکی آواز نکالیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ انگلی سے ہوا میں یا اپنے ڈیسک پر لکھنے کی کوشش کریں اور ساتھ ساتھ بولیں۔ دڈذ لکھنے کی مشق کرائیں اور پہچان پختہ کرائیں۔	دڈذ پر کام جاری رکھیں۔ دڈذ کے لیے الگ الگ کارڈ استعمال کریں۔ سرگرمی جماعت کے سامنے باری باری بچوں سے دڈذ کی تحریری شکل اور آواز کا عملی مظاہرہ کرائیں۔ مشکل پیش آنے کی صورت میں مدد کریں۔ فلیش کارڈ استعمال کرتے ہوئے ''د'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اور اسکی آواز کیا ہے؟ ''ڈ'' کا کارڈ دکھا کر پوچھیں یہ کیا ہے اور اس کی آواز کیا ہے؟	دڈذ کا چارٹ اور ان سے شروع ہونے والی اشیاء کا چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ ''د'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں فلیش کارڈ پر تصویر دکھائیں۔ د دروازہ اور ''د'' دکھا کر مشق کروائیں۔ اب الفاظ بدلیں۔ د دوات د دیوار ڈ درخت ڈ ڈال ''ڈ'' کا کارڈ دکھائیں اور ''ڈ'' سے شروع ہونے والا	بچوں کو بتائیں کہ دڈذ پہلے کسی سے دوستی نہیں کرتے بلکہ بعد میں کرتے ہیں۔ اس لیے ان کو ہم ''بعد میں دوستی کرنے والے'' کہیں گے۔ جیسے بد دب ڈبہ جد رج ذکر ''بد'' میں ''د'' نے بعد میں دوستی کی ہے۔ ''دب'' میں ''د'' پہلے ہے اس لیے دوستی نہیں کی اور ''د'' اور ''ب'' الگ الگ ہیں۔ ''جد'' اور ''دج'' جد میں د بعد میں ہے اس لیے	ہفتہ بھر کے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ سرگرمی حروف کی چھوٹی بڑی اشکال کے فلیش کارڈ سے دڈذ کو مختلف حروف سے دوستی کرنے اور دوستی نہ کرنے کی مشق کرائیں۔ کچھ حروف پہلے اور کچھ بعد میں لگوائیں اب یہی کام ورک شیٹ پر مکمل کرائیں اس دوران بچے بے معنی لفظ بھی جوڑیں گے

			اب ذ کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اب کارڈ کی ترتیب بدل دیں اور پوچھیں اور اب پھر ترتیب بدلیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اندازہ/ جانچ لکھنے کی جانچ کے لیے املا کرائیں نئے حروف کے ساتھ پہلے سے پڑھائے گئے حروف بھی دیں جیسے ج بڑی شکل ، چ چھوٹی شکل، ڈ اور خ بڑی شکل ذ اور ح چھوٹی شکل ۔ املا کے لیے رفتار آہستہ رکھیں اور آواز اونچی رکھیں۔ اب ''ڈ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟	پہلا لفظ تصویر دکھاتے ہوئے بتائیں۔ ڈ ڈھول ڈھول اور ڈ کے فلیش کارڈ سے مشق کروائیں۔اب ڈ کے مزید لفظ اور تصاویر دکھائیں۔ ڈ ڈھکن ڈ ڈاکیا ڈ ڈول ڈ ڈبہ ڈنڈا اب ذ کا کارڈ اور ذ سے شروع ہونے والی چیز کی تصویر دکھا کر لفظ کا تعارف کروائیں۔ ذ ذخیرہ اب فلیش کارڈ سے باری باری تصویر دکھا کر نام پوچھیں۔	دوستی کرتی ہے۔ د ج میں ''ڈ'' پہلے ہے اس لیے الگ ہے۔اب بتائیں کہ الف بھی انہی میں شامل ہے جو پہلے دوستی نہیں کرتا بعد میں دوستی کرتا ہے، جیسے ا ب ، با الف پہلے آیا تو دوستی نہیں کی اور الگ رہا لیکن جب بعد میں آیا تو با بن گیا۔ سرگرمی حروف تہجی کی ترتیب کرائیں۔ (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	اس سے ان لونہ لو ییں صرف ان حرف کے ساتھ ملنے اور نہ ملنے کی مشق کرائیں۔

ہفتہ

ـــڑ ـــڑ

ـڑ

سرگرمی 1! بچوں کی ریل گاڑی بنوائیں۔ (گروپ بناکر) ایک انجن اور چار ڈبے گراؤنڈ کا چکر لگوائیں۔ بچے ریل کی آواز نکالیں۔ ٹیچر بھی ان کو ریل کی آواز نکالنا بتائے۔

سرگرمی ۲! رسی لیں۔ اور ساری کلاس کو گراؤنڈ میں لے جائیں۔ بچوں سے پوچھیں کیا وہ رسی کودنا جانتے ہیں اگر کوئی جانتا ہے تو اُسے سامنے لاکر کروائیں۔ اور بچّوں کو باری باری موقع دیں۔

سرگرمی ۳! رات کا منظر بورڈ پر بنا دیجیے۔ پھر اُس میں تارے بنا دیں تاکہ بچّوں کو "ڑ" کا concept مزید واضح ہو جائے۔

نوٹ! بچّوں کو سمجھائیں کہ ڑ سے الفاظ نہیں بنتے بلکہ یہ درمیان میں آتا ہے۔ بچّوں کو کسی درخت کی جڑ دکھائیں۔ اِسی طرح اُنھیں "پاپڑ" کا بتائیں کہ ہم انھیں کھاتے ہیں اگر کسی بچے کے پاس پاپڑ ہیں تو وہ سب کو دکھائیں۔

		اب د ڈ ذ کے کارڈ دکھا کر مشق کروائیں۔ سرگرمی د ڈ ذ کا گیت گائیں۔ ڈ ڈھول ڈھول اور ''ڈ'' کی فلیش کارڈ سے مشق کروائیں۔				

دسمبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
2	رڑ آسے ز تک کا جائزہ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ ''رڑ'' کا تعارف کرائیں۔ ''ر ڑ'' کا الگ الگ کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں۔ اب بورڈ پر ''ر'' لکھیں اور آواز بتائیں۔ پوائنٹر یا انگلی پھیرتی جائیں تا کہ ''ر'' کی تحریری شکل واضح ہو جائے اب ''ڑ'' بورڈ پر لکھیں اور آواز بتائیں پوائنٹر یا انگلی پھیرتی جائیں تا کہ تحریری شکل یاد ہو جائے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ''ر'' اور ''ڑ'' انگلی سے ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی مشق کریں۔	''رڑ'' پر کام جاری رکھیں۔ سرگرمی بچوں سے ''رڑ'' کی تحریری شکل اور آواز کا مظاہرہ جماعت کے سامنے کرائیں۔ مشکل پیش آنے کی صورت میں مدد کریں۔ فلیش کارڈ کا استعمال کریں اور ''رڑ'' کا کارڈ باری باری دکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ پہلے سے پڑھائے گئے حروف کی آواز اور تحریری شکل بھی کارڈ دکھا کر پوچھیں	''ر'' اور ''ڑ'' سے شروع ہونے والی اشیاء کا تصویری چارٹ اور ''رڑ'' کا تحریری شکل کا کارڈ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ ''ر'' سے نئے لفظ کا تعارف کرائیں۔ ر ریل ''ر'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے؟ اور آواز کیا ہے۔ اب ریل کی تصویر دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے۔ مشق کرائیں ''ر'' سے اور الفاظ بتائیں۔	''رڑ'' کے بارے میں بچوں کو بتائیں کہ یہ بھی پہلے دوستی کرنے والے حروف نہیں ہیں۔ یہ بعد میں دوستی کرتے ہیں جیسے۔ بر۔ رب۔ پر۔ لڑ۔ جڑ۔ رک۔ کر۔ تر۔ رت۔ بچوں کو حروف کے ملنے اور نہ ملنے کی مشق کرائیں۔ سرگرمی آؤ دوست بنائیں بچوں سے کہیں کہ وہ ''ر'' اور ''ڑ'' کے دوست بنائیں اگر بچے بے معنی جوڑ بنائیں تو بھی نہ ٹوکیں صرف بعد میں حرف جوڑنے کی مشق	ہفتے بھر کے تدریسی کام کا جائزہ لیں۔ سرگرمی مختلف پڑھائے گئے حروف کی چھوٹی اشکال کے کارڈ استعمال کریں۔ بورڈ پر ان حروف کی چھوٹی شکل بنائیں اب ''ر'' اور ''ڑ'' کے ساتھ دوستی کروائیں اور الفاظ بنانے کا مقابلہ کرائیں استاد ''ر'' یا ''ڑ'' کا کارڈ دکھائے اور بچے بورڈ سے کسی حرف کے ساتھ اسے جوڑ کر نیا لفظ بنائیں یہاں بہت حوصلہ افزائی کریں اور مدد بھی کریں۔

ہفتہ　　　　　　　　　　　　　　　ز ، ژ

← آ سے ژ تک ٹیچر بچوں کو باری باری بُلائے اور ان سے مختلف الفاظ لکھوائے۔

← بچہ جو لفظ لکھے گا وہ خود بھی پڑھے اور اس سے بننے والی چیزوں اور رنگوں کے نام بھی بتائے۔

← بچے کو کہانی سنائیں۔

"کچھوا اور خرگوش"

ہوم ورک!

"آ سے ژ تک کا جائزہ دیں۔

				ر ر رالٹ رسی ریڈیو رات اب ''ڑ'' کے بارے میں بتائیں کہ کوئی لفظ اس سے شروع نہیں ہوتا۔ ''ڑ'' کی آواز والے الفاظ بتائیں اور تصاویر دکھائیں جیسے لڑکی، پہاڑ اور لڑکا۔ اب ''ڑ'' کا کارڈ دکھائیں اور باری باری ''ڑ'' والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر پوچھتی جائیں یہ کیا ہے۔ ''ڑ'' کی آواز کی مشق کروائیں۔ سرگرمی ریل کی نظم بچوں سے ایکشن کے ساتھ (حرکات وسکنات) یہ نظم کرائیں۔	کرائیں۔ حروف کی دوستی کا مطلب سمجھائیں۔	

دسمبر

ہفتہ	عنوان	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ/ہفتہ
3	زژ	حروفِ تہجی کا گیت گائیں۔ بچوں کو ساتھ گانے کے لیے کہیں۔ ''زژ'' کا تعارف کرائیں۔ ''ز'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز نکالیں ''ژ'' کا کارڈ دکھائیں اور آواز بتائیں۔ دونوں کی آواز میں کم فرق ہے اسلیے آواز پہ زور دیں۔ اب ''ز'' بورڈ پر لکھیں لکھتے ہوئے رفتار آہستہ رکھیں اور آواز نکالتی رہیں۔ اب ''ژ'' لکھیں اور رفتار کم رکھتے ہوئے آواز نکالیں۔	''زژ'' پر کام جاری رکھیں۔ ''زژ'' کا الگ الگ کارڈ استعمال کریں۔ جماعت کے سامنے باری باری بچوں سے ''ز'' اور ''ژ'' کی تحریری شکل اور آواز کا عملی مظاہرہ کرائیں۔ مشکل پیش آئے تو مدد کریں۔ فلیش کارڈ استعمال کرتے ہوئے ''ز'' دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ اب ''ژ'' کا کارڈ دکھائیں اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟	''ز'' اور ''ژ'' کا تصویری چارٹ نمایاں جگہ پر لگائیں۔ فلیش کارڈ دکھا کر ''ز'' سے شروع والی چیز کا نام بتائیں۔ ز زیبرا آواز کے ساتھ مشق کرائیں اب اور الفاظ بتائیں۔ ز زنجیر ز زیور تصاویر دکھائیں اور مشق کرائیں۔ اب ''ژ'' کا کارڈ دکھائیں اور ''ژ'' سے شروع ہونے والے لفظ کا تعارف کرائیں۔	''ز'' اور ''ژ'' کے بارے میں بتائیں کہ یہ پہلے دوستی نہیں کرتے بعد میں دوستی کرنے والے ہیں (پہلے جڑنے سے مراد لکھائی میں شکل تبدیل کرنا ہے) جیسے: زب بز، ژ ژالہ گز، زگ، اب بچوں سے دوسرے حروف سے ''ز'' اور ''ژ'' کی دوستی کرائیں۔ سرگرمی صوتی شناخت (سرگرمیوں کا ذخیرہ دیکھیں)	ہفتہ بھر کے پڑھائے گئے تدریسی مواد کا جائزہ لیں۔ سرگرمی آج بچوں کو تدریسی مراکز میں سے حروفِ تہجی مرکز لے جائیں۔ اس مرکز میں بنایا گیا کام جماعت میں لگائیں۔

		ں سے کہیں کہ وہ انگلی سے اپنے ڈیسک پر یا ہوا میں لکھنے کی کوشش کریں۔	یہاں بھی ''زژ'' کے کارڈ بھی استعمال کریں۔ اور پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی اواز کیا ہے؟ اب ترتیب سے کارڈ دکھائیں۔ ''ر ڑ ز ژ'' اب ترتیب بدل دیں اور باری باری پوچھیں یہ کیا ہے اور اسکی آواز کیا ہے؟ ر ڑ ز ژ کے کارڈ کی ترتیب بدل دیں اور بچوں سے کارڈ بورڈ پر لگوائیں۔	ژ ژالہ ژالہ کی تصویر دکھائیں اور ''ژ'' کی تصویر دکھائیں اور ''ژ'' کی آواز کی مشق کرائیں۔ سرگرمی ''رڑزژ'' سے شروع ہونے والی اشیاء کے تصویری کارڈ دکھائیں اور پہلے حرف کی آواز پوچھیں۔		

دسمبر

4	------------------چھٹیاں------------------